★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 283 بروز ہفتہ 11 جولائی 2026ء 25 محرم الحرام 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

آزاد کشمیر حکومت نے امن و امان کی صورتحال پر وفاق سے فوری سیکورٹی معاونت طلب کر لی

مظفرآباد/اسلام آباد (آن لائن) آزاد جموں و کشمیر حکومت نے ریاست میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر وفاقی حکومت سے فوری سیکیورٹی معاونت طلب کرتے ہوئے وزارت داخلہ کو مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ مراسلے میں فیڈرل کانسٹیبلری کے 4 ہزار اہلکاروں اور پاکستان رینجرز کی 7 ونگز کی فوری تعیناتی کی درخواست کی گئی ہے۔ حکومت نے کالعدم جے کے جے اے سی کی سرگرمیوں کو ریاستی امن اور عوامی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ قرار دیا ہے۔

وفاقی بیوروکریسی میں ردوبدل، سید ذکریا علی شاہ ایڈیشنل سیکرٹری پیٹرولیم تعینات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی بیوروکریسی میں ردوبدل کرتے ہوئے گریڈ 21 کے سینئر افسر سید ذکریا علی شاہ کو ایڈیشنل سیکرٹری وزارت پیٹرولیم تعینات کر دیا گیا ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے ان کی تقرری کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ وفاقی حکومت نے انتظامی امور میں ردوبدل کرتے ہوئے گریڈ 21 کے سینئر بیوروکریٹ سید ذکریا علی شاہ کو وزارت پیٹرولیم میں ایڈیشنل سیکرٹری تعینات کر دیا ہے۔ وہ اس سے قبل وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس میں ایڈیشنل سیکرٹری کے فرائض انجام دے رہے تھے۔

بلوچستان کے محب وطن عوام کو دشمن کے اس مذموم بیانیے کا حصہ بننے کے بجائے قومی یکجہتی، امن اور استحکام کیلئے ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا ہوگا، دھرنے کے شرکاء سے خطاب

دہشتگردی سے متاثرہ خاندانوں اور ان کے بزرگوں سے ان کا باہمی عزت و احترام پر مبنی دیرینہ تعلق ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

دشمن ایک طرف قتل و غارت، بدامنی اور معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث ہے تو دوسری طرف انہی جرائم کا الزام ریاست اور ریاستی اداروں پر تھوپنے کے گمراہ کن پروپیگنڈے میں بھی مصروف ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دشمن ایک طرف قتل و غارت، بدامنی اور معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث ہے تو دوسری طرف انہی جرائم کا الزام ریاست اور ریاستی اداروں پر تھوپنے کے گمراہ کن پروپیگنڈے میں بھی مصروف ہے۔ بلوچستان کے محب وطن عوام کو دشمن کے اس مذموم بیانیے کا حصہ بننے کے بجائے قومی یکجہتی، امن اور استحکام کے لیے ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑا ہونا ہوگا انہوں نے یہ بات بی اے مال کے قریب جاری دھرنے کے شرکا اور شہدا کے لواحقین سے ملاقات اور تفصیلی گفتگو کے دوران کہی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سینیٹر منظور احمد کاکڑ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ پہلے دن سے دھرنا کمیٹی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

ہائر ایجوکیشن کمیشن قومی سطح پر وسیع علم تجربے کے ستون کے طور پر کھڑا ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی یونیورسٹی آف لورالائی کے چھ گھنٹے طویل سینیٹ اجلاس میں آخر تک موجود رہے جو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

ظلم و جبر کی انتہا کردی پشتونوں کو کہیں بھی نہیں چھوڑا جا رہا، نواب ایاز خان جوگیزئی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے کہا ہے کہ ظلم و جبر کی انتہا کردی پشتونوں کو کہیں بھی نہیں چھوڑا جا رہا۔ مختلف ناموں سے پشتونوں کا قتل عام، استحصال اور زبان و ثقافت کی تضحیک و توہین جاری ہے، ہنہ اوڑک اوریا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

آپریشن شعبان کی کامیابی، صدر آصف علی زرداری کا پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کو خراج تحسین

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں فتنۃ الخوارج کے خلاف جاری آپریشن شعبان کی کامیابی پر پاک فوج، فرنٹیئر کور (ایف سی) اور بلوچستان پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن نے ایک بار پھر ثا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سانحہ ہنہ اوڑک کے لواحقین اور مظاہرین سے خطاب کر رہے ہیں

آپریشن شعبان جاری، ہلاک دہشت گردوں کی تعداد 79 ہو گئی دہشت گردوں کے ٹھکانوں، اسلحے اور سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں

پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کی مشترکہ کارروائیاں؛ پہاڑوں میں چھپے دہشت گردوں کو بھاری ہتھیاروں سے نشانہ بنایا گیا، مزید 4 دہشت گرد جہنم واصل

''آپریشن شعبان'' سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں جاری

79 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے فرار کے تمام ممکنہ راستوں کی نگرانی سخت کر دی ہے اور سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشنز کا دائرہ مزید وسیع کر دیا گیا ہے، سیکیورٹی ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کا مشترکہ ''آپریشن شعبان'' بھرپور انداز میں جاری ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق تازہ کارروائیوں میں مزید 4 دہشت گرد ہلاک ہو گئے ہیں، جس کے بعد 5 جولائی سے اب تک آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں ہلاک دہشت گردوں کی مجموعی تعداد 79 تک پہنچ گئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن شعبان کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دشوار گزا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم کا ''آپریشن شعبان'' کی کامیابی پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین

منگی ڈیم پولیس اسٹیشن واقعے کے بعد گرینڈ آپریشن میں فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے منگی ڈیم پولیس اسٹیشن پر دہشت گرد حملے کے بعد پاک فوج، فرنٹیئر کور (ایف سی) اور بلوچستان پولیس کے مشترکہ ''آپریشن شعبان'' کی کامیابی پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فتنۃ الخوارج کے خلاف جاری گرینڈ آپریشن میں اب تک 75 دہشت گردوں کو ہلاک کرنا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد میں او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کی تیاریاں آخری مرحلے میں داخل

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کی تیاریوں سے متعلق اعلیٰ سطحی کمیٹی کا آٹھواں اجلاس منعقد ہوا، جس میں کانفرنس کے پروگرام، سیکیورٹی، پر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

ملک میں امن، استحکام اور ترقی کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہے، وزیر داخلہ

خوارجی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں خوارجی دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے پاک فوج، فرنٹیئر کور (ایف سی) اور بلوچستان پولیس کے جوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے مزید 13 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

حکومت نے سرحد پار ڈیٹا منتقلی کیلئے خودمختاری اور محفوظ ذخیرے کا نیا فریم ورک متعارف کرا دیا

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے سرحد پار ڈیٹا منتقلی کے لیے خودمختاری اور محفوظ ذخیرے کا نیا فریم ورک متعارف کرا دیا۔ بیرون ملک ڈیٹا منتقل کرنے والے اداروں کو قومی قوانین اور حفاظتی تقاضوں پر عمل کرنا ہوگا، دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ نئی پالیسی کے تحت سرکاری ڈیٹا پر پاکستا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

پاک ایران سرحدی حکام کی خوشگوار تعارفی ملاقات

باہمی تعاون اور سیکیورٹی روابط مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار

امن، استحکام اور قانونی آمدورفت کے فروغ میں مدد ملے گی

چاغی (آن لائن) پاک ایران سرحدی حکام کی خوشگوار تعارفی ملاقات، باہمی تعاون اور سیکیورٹی روابط مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار۔ تفصیلات کے مطابق پاک ایران راہداری گیٹ کے مقام پر اسسٹنٹ کمشنر تفتان عبداللہ کشانی نے ایرانی مرزبان درجہ دو سردار شجاع اور ان کے معاون مہدی یوسفی سے تعارفی ملاقات کی اس موقع پر ایس ایچ او (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ صوبہ زیارت کچ کے شہید پولیس اہلکار کے جنازے میں شریک ہیں

نئے گورننس اسٹرکچر کے تحت وزیر خزانہ اس نظام کی سربراہی کریں وزیراعظم ماہانہ پیش رفت کا خود جائزہ لیں گے

وزیراعظم کا معیشت کو نئی رفتار دینے کیلئے ''ایکسیس ٹو فنانس پلان'' پر عملدرآمد کا فیصلہ

ایس ایم ایز، زراعت، برآمدات، ہاؤسنگ، آئی ٹی اور قابلِ تجدید توانائی کے شعبوں کے لیے آسان قرضوں کی فراہمی میں توسیع

معاشی استحکام سے پائیدار اقتصادی ترقی کے سفر کو تیز کرنے کیلئے مالی سہولیات کی فراہمی کو وسعت دینا اسے قومی سطح پر مرکزی دھارے کا حصہ بنانا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پاکستان میں مالی سہولیات تک رسائی (ایکسیس ٹو فنانس) کے فروغ سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں معیشت کے ترجیحی شعبوں کو آسان شرائط پر قرضوں اور کریڈٹ کی فراہمی بڑھانے کے لیے جامع ''ایکسیس ٹو فنانس پلان'' پر عملدرآمد کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی، برآمدات میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے مختلف شعبوں کو مالی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ وزیراعظم ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں وزیراعظم کو ایکسیس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے گلگت بلتستان اسمبلی کے منتخب اراکین ملاقات کر رہے ہیں

تادیبی کارروائیوں کے خاتمے، اور دیگر جائز ملازم دوست مطالبات پر فوری اور مثبت پیش رفت کی ضرورت پر زور دیا

گرینڈ الائنس کے جائز مسائل حل کیے جائیں گے، گورنر بلوچستان

مطالبات اور سرکاری ملازمین کو درپیش مسائل کو تفصیل اور مدلل انداز میں گورنر بلوچستان کے سامنے پیش کیے

ژوب (آن لائن) گرینڈ الائنس ژوب کے ایک وفد نے حافظ عثمان اختر کی قیادت میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی سینئر نائب صدر حافظ عثمان اختر نے گرینڈ الائنس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹ سب کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گلگت بلتستان کی تعمیر و ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعظم

گلگت بلتستان اسمبلی کے مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے ارکان کی وزیراعظم سے ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے گلگت بلتستان اسمبلی کے ارکان نے ملاقات کی، جس میں علاقے کی ترقی، عوامی مسائل اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ گلگت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

بچوں میں غیر محفوظ سوشل میڈیا استعمال، سماجی، نفسیاتی اور سیکیورٹی خطرات میں اضافہ

نیویارک (آن لائن) امریکی تحقیقاتی ادارے نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ بچوں کے غیر محفوظ سوشل میڈیا استعمال نے سماجی، نفسیاتی اور سیکیورٹی خطرات میں اضافہ کر دیا ہے۔ امر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

پاکستان اور بنگلہ دیش کا سیکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

پولیس ٹریننگ، سائبر کرائمز کے انسداد اور علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بنگلہ دیش نے داخلی سلامتی، پولیسنگ اور سائبر کرائمز کے انسداد سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ یہ اتفاق رائے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور بنگلہ دیش کے وزیر داخلہ صلاح الدین ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

بھارتی کمپنیوں کی امریکا میں بھی ویزہ جعلسازی، بڑا اسکینڈل سامنے آ گیا

نئی دہلی (آن لائن) دنیا بھر میں بھارتی کمپنیوں کے مالی اور سائبر فراڈ کا دھندہ زور پکڑ گیا، کے بعد دیگرے سکینڈل سامنے آ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

کیا افواج پاکستان اس ملک کے لیے ہیں یا پھر یہ ملک فوج کے لیے ہے؟ جب تک یہ فیصلہ نہیں ہوتا ہمارا ملک نہیں چل سکتا

پشتون اور بلوچ اکبر اعظم کے وقت سے اپنی خودمختاری کیلئے لڑ رہے ہیں، محمود خان اچکزئی

پاکستان ہوا میں کوئی لٹکتی ہوئی چیز نہیں ہے بلکہ یہ پانچ مختلف اقوام پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی اور پنجابی کا مشترکہ مملکت ہے

کوئٹہ / اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر و پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے پاکستان تحریک انصاف کے زیر اہتمام (Save Balochistan) آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہوا میں کوئی لٹکتی ہوئی چیز نہیں ہے بلکہ یہ پانچ مختلف اقوام پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی اور پنجابی کا مشترکہ مملکت ہے۔ ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

پیپلز پارٹی کے خلاف عوام میں شدید بدگمانی پائی جا رہی ہے، الطاف حسین گجر

پیپلز پارٹی کے جیالوں کی پارٹی نمائندگی کرنے اور عوام کی دلجوئی کرنے سے قاصر ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی کونسل کے رکن الطاف حسین گجر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کے برسر اقتدار آنے کے دوران پارٹی کے جیالے ورکروں اور دیرینہ ساتھیوں کو نظرانداز کر کے پارٹی پر مسلط کیے جانے والے نمائندے صوبے کی موجودہ صورتحال میں پارٹی کی نمائندگی کرنے اور عوام کی دلجوئی کرنے سے قاصر ہیں اس لئے پیپلز پارٹی کی قیادت کی خاموشی بھی باعث تشویش ہے پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر مملکت آصف علی زرداری موجودہ حالات کی سنگینی کو مد نظر رکھتے ہوئے بلوچستان کے سلگتے ہوئے حالات کی بہتری پر توجہ دیتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں کہ موجودہ حالات میں صوبے میں پیپلز پارٹی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

اے آئی اور ڈیجیٹل سروسز کے فروغ سے پاکستان کی آؤٹ سورسنگ صنعت کو نئی رفتار مل گئی

اسلام آباد (آن لائن) مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور ڈیجیٹل سروسز کے تیزی سے فروغ نے پاکستان کی آئی ٹی اور بزنس پروسیس آؤٹ سورسنگ (بی پی او) صنعت کو عالمی مارکیٹ میں نئی شناخت دلانا شروع کر دی ہے۔ بہتر ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، ہنرمند افرادی قوت اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے باعث پاکستان کی آؤٹ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

پاکستان کا عالمی امن، ترقی اور انسانی حقوق کے فروغ کے عزم کا اعادہ

اقوام متحدہ کی قیادت کے امیدواروں کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقاتیں

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کے امیدوار میکی سال اور ریبیکا گرینسپین نے وزیراعظم ہاؤس میں الگ الگ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

بیرونی عناصر پاکستان کے داخلی امن کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

زیارت میں 30 پولیس اہلکاروں کی شہادت دلدوز، افسوسناک اور انتہائی قابل مذمت واقعہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ضلع زیارت میں 30 پولیس اہلکاروں کی شہادت انتہائی دلدوز، افسوسنا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

نیشنل پارٹی شہید مولا بخش دشتی کے اسی فکری ورثے اور سیاسی فلسفے پر کاربند ہے، رحمت صالح بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے بلوچ قومی رہنما شہید مولا بخش دشتی کی برسی کے موقع پر ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اکثر سرکاری ٹیوب ویل خراب، معصوم بچے نجی ٹیوب ویل سے پانی بھر رہے ہیں

جمعیت کا شہدائے زیارت کے حوالے سے حکومت کے غیر ذمہ دارانہ اور بے حس رویے پر شدید غم و غصے کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان نے شہدائے زیارت کے حوالے سے حکومت کے غیر انسانی، غیر ذمہ دارانہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

وفاقی سیکریٹریٹ کی تنظیم نو کی سفارشات مکمل، ای آفس کو جدید فیصلہ سازی کے نظام میں تبدیل کرنے کی منظور

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت کی کارکردگی میں بہتری، انتظامی اصلا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

فٹبال کی ترقی اور نوجوان ٹیلنٹ کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں گے، میاں ریاض حسین پیرزادہ

اسلام آباد (اعجاز خان/آن لائن) وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی سے ملاقات میں پاکستان (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

صوبے کی ترقی، عوامی خوشحالی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بھی عملی اقدامات جاری رکھیں گی

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں شہداء کی قربانیاں قوم ہمیشہ یاد رکھے گی، جمال شاہ کاکڑ

وزیراعظم کا دورہ کوئٹہ اور اپیکس کمیٹی کا اجلاس دہشت گردی کے خلاف قومی عزم کا مظہر ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے دورہ کوئٹہ، صوبائی اپیکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت اور بلوچستان میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے اقدام کو نہایت بروقت اور خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دورہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وفاقی حکومت بلوچستا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

غیر ضروری اور کثیر ضوابط غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں، ہارون اختر خان

صوبوں کو کاروباری آسانیوں کے فروغ میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ غیر ضروری اور کثیر ضوابط غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں، جبکہ صوبوں کو کاروباری آسانیاں فراہم کرنے کے لیے ایک دوسرے سے مثبت مقابلہ کرنا چاہیے، تاہم موجودہ صورتحال اس کے برعکس ہے۔ انہوں نے ریگولیٹری نظام میں بہتری کے لیے سوچ میں بنیادی تبدیلی کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے مشترکہ مفادات کونسل (سی سی آئی) کے فیصلوں پر عملدرآمد نہ ہونے پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 37 کروڑ 59 لاکھ ڈالر قرض منظور کر لیا

قابل تجدید توانائی کے فروغ کیلئے 10 سالہ توانائی پروگرام کے پہلے مرحلے کی مالی معاونت

اسلام آباد (آن لائن) عالمی بینک نے پاکستان کے توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور بجلی کی ترسیل کے نظام کو جدید بنانے کے لیے 37 کروڑ 59 لاکھ ڈالر قرض کی منظوری دے دی ہے۔ یہ مالی معاونت عالمی بینک کے 10 سالہ توانائی پروگرام کے پہلے مرحلے کے تحت فراہم کی جائے گی، جس کا مقصد بجلی کی فراہمی کو مزید مستحکم، مؤثر اور موسمیاتی تبدیلیوں کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا ہے۔ عالمی بینک کے اعلامیے کے مطابق منظور شدہ فنڈز قومی پاور گرڈ کی جدید کاری اور بجلی کی ترسیل کے نظام کو بہتر بنانے پر خرچ کیے جائیں گے، جس سے بجلی کی بندش میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

ایران کا استحکام دراصل پاکستان کا استحکام ہے، سید ابوالحسن میری

پاکستان اور ایران کے درمیان میڈیا روابط کا فروغ اسٹریٹجک ضرورت ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

غیر ملکی میڈیا کی شدید سنسر شپ اور بائیکاٹ کے باوجود حالیہ دنوں میں دنیا نے جو منظر ایران میں رہبر معظم کے جنازے پر دیکھا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں تعینات خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران کے ڈائریکٹر جنرل اور ایرانی کلچرل اتاشی سید ابوالحسن میری نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان میڈیا روابط کا فروغ ایک اسٹریٹجک ضرورت ہے، کیونکہ ایران کا استحکام دراصل پاکستان کا استحکام ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی شدید سنسر شپ اور بائیکاٹ کے باوجود حالیہ دنوں میں دنیا نے جو منظر ایران میں رہبر معظم کے جنازے پر دیکھا، وہ کو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

قائمہ کمیٹی داخلہ کا آئندہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد کرنے کا فیصلہ

بلوچستان کی سکیورٹی صورتحال پر ان کیمرہ بریفنگ اور آل پارٹیز کانفرنس بلانے کی تجویز

ہشت گرد عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے کے لیے افواہیں پھیلاتے ہیں

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا ہے اور صوبے کی صورتحال کا براہ راست جائزہ لینے کے لیے آئندہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کمیٹی نے بلوچستان کی سکیورٹی صورتحال پر ان کیمرہ بریفنگ لینے، آ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

بلوچستان سے ملک کے دیگر شہروں کیلئے ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل رہی

پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس بھی جمعہ کو جیکب آباد تک محدود رہے گی، محکمہ ریلویز

محکمہ ریلویز نے ریلوے ٹریک پر مرمتی کاموں کے باعث بلوچستان سے ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل رکھی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سے ملک کے دیگر شہروں کے لیے ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل رہی۔ محکمہ ریلویز نے ریلوے ٹریک پر مرمتی کاموں کے باعث بلوچستان سے ٹرین سروس دوسرے روز بھی معطل رکھی۔ ریلوے حکام کے مطابق محکمہ ریلویز نے بلوچستان سے ٹرین سروس 9 جولائی کو معطل کی تھی۔ ریلوے ٹریک پر مرمتی کاموں کے باعث ٹرین سروس جمعہ 10 جولائی کو بھی معطل رہی۔ محکمہ ریلویز کا کہنا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیرِ وطن
TAMEER-E-WATAN

ایکسیس ٹو فنانس کا فروغ

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت پاکستان میں مالی سہولیات تک رسائی (ایکسیس ٹو فنانس) کے فروغ سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں معیشت کے ترجیحی شعبوں کو آسان شرائط پر قرضوں اور کریڈٹ کی فراہمی بڑھانے کے لیے جامع "ایکسیس ٹو فنانس پلان" پر عملدرآمد کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی، برآمدات میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے مختلف شعبوں کو مالی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ وزیراعظم ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں وزیراعظم کو ایکسیس ٹو فنانس پلان کے مختلف پہلوؤں، اہداف اور ترجیحات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ معاشی استحکام سے پائیدار اقتصادی ترقی کے سفر کو تیز کرنے کے لیے مالی سہولیات کی فراہمی کو وسعت دینا اور اسے قومی سطح پر مرکزی دھارے کا حصہ بنانا اس منصوبے کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ منصوبے کا مرکزی نکتہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز)، زراعت، برآمدات، قابل تجدید توانائی، ہاؤسنگ اور آئی ٹی کے شعبوں کے لیے آسان قرضوں اور کریڈٹ تک رسائی میں نمایاں اضافہ کرنا ہے۔ بریفنگ کے مطابق اس منصوبے کا بنیادی مقصد برآمدات میں اضافہ، پائیدار معاشی نمو اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ حکام نے بتایا کہ منصوبے پر عملدرآمد کے لیے وزارت خزانہ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، صوبائی حکومتوں اور دیگر متعلقہ اداروں پر مشتمل پورے نظام پر مبنی (System-of-Whole) طریقہ کار اختیار کیا جائے گا۔ نئے گورننس اسٹرکچر کے تحت وزیرخزانہ اس نظام کی سربراہی کریں گے جبکہ گورنر اسٹیٹ بینک شریک سربراہ کی حیثیت سے ذمہ داریاں انجام دیں گے۔ اس ڈھانچے کے تحت باقاعدگی سے اجلاس منعقد ہوں گے اور وزیراعظم کو ہر ماہ پیش رفت سے آگاہ کیا جائے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اگلے دو برسوں کے لیے مختلف شعبوں میں مالی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے پرعزم اہداف مقرر کیے گئے ہیں۔ ان اہداف میں بینکوں کی جانب سے ایس ایم ای سیکٹر کو دیے جانے والے قرضوں کی تعداد اور قرض حاصل کرنے والے کاروباروں کی تعداد میں نمایاں اضافہ شامل ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ نجی شعبے کے مجموعی قرضوں میں ایس ایم ای سیکٹر کا حصہ موجودہ 7 فیصد سے بڑھا کر آئندہ دو سال کے دوران 10 فیصد تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ ایس ایم ای شعبے میں قرضوں سے مستفید ہونے والے افراد اور کاروباری اداروں کی تعداد 3 لاکھ 10 ہزار سے بڑھا کر 7 لاکھ 50 ہزار تک پہنچانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے مختلف شعبوں کو آسان شرائط پر مالی سہولیات کی فراہمی انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ای سیکٹر ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور اس شعبے کی ترقی کے بغیر معاشی اہداف کا حصول ممکن نہیں۔ وزیراعظم نے بینکوں کو ہدایت کی کہ وہ ترجیحی شعبوں، بالخصوص ایس ایم ای سیکٹر کے لیے قرضوں کی فراہمی میں نمایاں اضافہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ آسان شرائط پر مالی سہولیات کی دستیابی سے نہ صرف برآمدات میں اضافہ ہوگا بلکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور معیشت پائیدار بنیادوں پر ترقی کی راہ پر گامزن ہوگی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ مالی سہولیات کی فراہمی میں بہتر کارکردگی دکھانے والے بینکوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور ایکسیس ٹو فنانس پلان پر پیش رفت کا ماہانہ جائزہ وہ خود اپنی سربراہی میں منعقد ہونے والے اجلاسوں میں لیں گے۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، مختلف بینکوں کے صدور اور چیف ایگزیکٹو افسران، صوبائی چیف سیکرٹریز اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 01

کے ساتھ مسلسل رابطے میں تھے اور مسئلے کے پرامن، باوقار اور دیرپا حل کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں اور ان کے بزرگوں سے ان کا باہمی عزت و احترام پر مبنی دیرینہ تعلق ہے جو آئندہ بھی برقرار رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہمیشہ اپنی عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرتے رہیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد نہتے اور بے گناہ شہریوں کو بے دردی سے شہید کرتے، خاندانوں کو اجاڑتے اور معصوم بچوں کو یتیم کرتے ہیں، جبکہ ساتھ ہی ریاستی اداروں کے خلاف جھوٹا اور گمراہ کن پروپیگنڈا کر کے عوام اور ریاست کے درمیان بداعتمادی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہی ریاستی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر روز اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی وقت پاکستان کے بہادر جوان وطن کے دفاع میں عظیم قربانیاں دے رہے ہیں۔ لسبیلہ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوان بھی کسی کے بیٹے، کسی کے شوہر اور کسی خاندان کی امید تھے، جنہوں نے بلوچستان اور پاکستان کے امن، عوام کے تحفظ اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کے خلاف بین الاقوامی سطح پر مختلف سازشیں کی جا رہی ہیں۔ ایک سازش دہشت گردی، تشدد اور قتل و غارت کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنا ہے جبکہ دوسری سازش انہی جرائم کا الزام ریاستی اداروں پر عائد کر کے عوام کو گمراہ کرنا ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ دشمن کے جھوٹے بیانیے اور منفی پروپیگنڈے سے مکمل طور پر ہوشیار رہیں اور کسی بھی ایسی مہم کا حصہ نہ بنیں جس کا مقصد قومی اداروں کو کمزور کرنا ہو۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ اگر حکومت کی جانب سے کسی بھی سطح پر کوئی کوتاہی یا غلطی ہوئی ہے تو اسے تسلیم کرتے ہوئے اس کا ازالہ کیا جائے گا اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن داد رسی یقینی بنائی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بلوچستان ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں وزیر اعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی موجودگی میں اہم فیصلے کیے گئے ہیں جن پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بطور وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف بگٹی وہ متاثرہ خاندانوں سے کیے گئے تمام وعدوں کی تکمیل کے پابند ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ شہداء کے ورثا کو مالی معاوضہ فراہم کیا جائے گا، اہل خانہ کو سرکاری ملازمتیں دی جائیں گی جبکہ شہداء کے بچوں کی تعلیم کے تمام اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اور ریاست دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنانا حکومت، عوام اور تمام ریاستی اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند کے مطابق دھرنا کمیٹی کے ساتھ ہونے والے مذاکرات کامیاب رہے، جس کے بعد دھرنا کمیٹی اور شہداء کے لواحقین نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی یقین دہانیوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے دھرنا ختم کرنے کا اعلان کردیا۔

بقیہ 02

بت کر دیا ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت اور پیشہ ورانہ مہارت رکھتی ہیں۔ صدر مملکت نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کے خلاف پراکسی عناصر استعمال کرنے والی قوتیں اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتیں، کیونکہ قومی یکجہتی، عوامی عزم اور ریاستی اداروں کی صلاحیت ہر سازش سے زیادہ مضبوط ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور بعض دیگر ممالک کے پاکستان دشمن عناصر اور ادارے پاکستان کی حالیہ سفارتی کامیابیوں کو داغدار کرنے کے لیے ملک دشمن عناصر کو کرائے کے قاتلوں کے طور پر استعمال کر کے پاکستان کے حوصلے پست کرنا چاہتے ہیں، تاہم ان کے یہ عزائم ناکام ہوں گے۔ صدر آصف علی زرداری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اپنی حالیہ سفارتی اور قومی کامیابیوں کو منطقی انجام تک پہنچائے گا اور عوام کے تعاون سے دہشت گردی کے ناسور کو ہمیشہ کے لیے شکست دے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ وطن کے دفاع، قومی سلامتی اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ ریاست دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور ملک کے امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے والی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کے عزم کو سراہتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ پاکستان متحد ہو کر دہشت گردی کے چیلنج پر قابو پانے میں کامیاب ہوگا

بقیہ 03

رت کے شہداء کے خاندانوں کے دکھ درد میں پوری پشتون قوم اور پشتونخوا وطن کے تمام باسی برابر کے شریک ہیں۔ اب پوری قوم یہ سمجھ چکی ہے کہ اس سارے حالات میں کون کیا کر رہا ہے۔ وطن کے وسائل پر قبضہ کے لیے راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ نہیں کیا تو مزید لاشیں اُٹھانے کا خدشہ ہے، ہمارے وطن کو مختلف آپریشنز کے نام پر تباہ و برباد کیا گیا لیکن جن کے خلاف آپریشن کے نام رکھے گئے جن کے خلاف آپریشن کرنا تھا انہیں کچھ نہیں کہا گیا۔ آج ایک مرتبہ پھر فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے نام پر یہاں جنگ مسلط کی جا رہی ہے۔ شہداء کے بچوں اور خاندانوں کی کفالت ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ احتجاجی دھرنے کے ساتھ کھڑے ہیں بغیر کوئی احسان جتائے کیونکہ یہ ہمارا فرض ہے۔ تمام مطالبات کی حمایت کرتے ہیں اور فوری حل چاہتے ہیں۔ ان حالات میں تمام اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا دوست اور دشمن سب کی نظریں ہم پر ہیں ہم سب نے یکجہتی کا مظاہرہ نہ کیا تو بربادی ہمارا مقدر ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے کوئٹہ کے علاقہ ہنہ اوڑک گلی ہیری میں المناک دہشت گردانہ واقعہ جس میں 5 افراد شہید، کئی زخمی اور 11 افراد کے اغواء کے خلاف پی اے مال ایئرپورٹ روڈ پر ہنہ اوڑک عوام کے زیر اہتمام جاری احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارٹی مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری مالیات آغا سید لیاقت علی، مرکزی سیکرٹریز ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، علاؤالدین کولکوال، عبدالحق ابدال، صلاح الدین اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ایگزیکٹیوز نصیر ننگیال، ملک عمر کاکڑ، حبیب اللہ ناصر ایڈووکیٹ، سردار ادریس بزیچ، گل خلجی، دارا خان جوگیزئی، حضرت عمر ایڈووکیٹ، حبیب الرحمن بازئی، ملک ذاکر حسین کاسی، نوابزادہ اسفندیار جوگیزئی، صورت خان کاکڑ، حفیظ ترین، ضلع سینئر معاونین سعید خان کاکڑ، جمشید دوتانی و دیگر ضلع ایگزیکٹیوز ضلع کمیٹی، چاروں تحصیلوں کے عہدیداران بھی موجود تھے۔ پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام عظیم الشان جلوس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے روانہ ہوئی اور احتجاجی دھرنے میں ہزاروں کارکنان اور کوئٹہ کے غیور قوم دوست، وطن دوست، جمہوریت پسند اور امن پسند عوام نے شرکت کی۔ نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتون وطن کے معدنیات پر قبضہ کیا جا رہا ہے۔ بدقسمتی یہ ہے کہ پشتون آپس کی رنجشوں میں ایک دوسرے کا خون بہا دیتے ہیں، متحد ہو کر اپنے وطن اور کے وسائل کا دفاع نہیں کر رہے، معمولی باتوں، زمین کے تنازعوں پر اپنے چچازاد بھائیوں سے لڑتے ہیں لیکن یہاں بحیثیت قوم ان کی زمینوں، پہاڑوں، معدنیات، جنگلات پر قبضہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن کے نام ہمارے وطن کو برباد کیا گیا۔ جن کے نام پر آپریشن رکھا گیا ان کے خلاف کچھ نہیں ہوا آج ہمارے وطن کے بچوں کو شہید کیا جا رہا ہے۔ عوام یہ سوال کر رہے ہیں کہ ہمارے وطن میں مختلف کمانڈرز کی تخلیق اور ان کی سرپرستی کون کر رہے ہیں۔ یہاں ایک معزز اپنے ساتھ لائسنس کے باوجود اسلحہ نہیں رکھ سکتا لیکن ان کمانڈرز کے ساتھ جدید اسلحہ راکٹ لانچرز سکیل، کلاشنکوف وغیرہ موجود ہیں سرعام نمائش کی جا رہی ہے۔ کوئٹہ شہر اور ایئرپورٹ پر گھوم رہے ہوتے ہیں یہاں ہر ضلع میں الگ قانون ہے۔ کوئٹہ سے باہر تو ایک الگ ماحول ہے لیکن ان ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ سیف اللہ ایک ہندو ڈپٹی کمشنر ایمانداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے سکتا ہے اس نے یہ کمال کر دکھایا کہ تمام قلعہ سیف اللہ میں کئی ایکڑ پر کاشت ہونے والے پوست افیون کی فصلوں کو تلف کر دیا مکمل صفایا کر دیا لیکن قلعہ سیف اللہ کو چھوڑ کر دیگر اضلاع میں آپ جا کر دیکھ لیں یہ قریب قلعہ عبداللہ دیکھ لیں کہ کس مقدار میں اس ناسور ہیروئن کو فصلوں کی کاشت اور منشیات کا پھیلاؤ جاری ہے۔ اب تو صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ شیشہ جیسے خطرناک نشے کی سپلائی کی جا رہی ہے تعلیمی اداروں تک پہنچ چکا ہے یہ نشہ آور اس کے ذریعے ہمارے قوم کے نوجوانوں کو تباہ کیا جا رہا ہے، جب قوم کے نوجوانوں کو نشے کا عادی بنایا جائے گا جب وہ اپنے نشے کے لیے اپنے گھروں میں چوری کریں گے، دیہاتوں، علاقوں میں کریں گے، بدامنی میں اضافہ ہوگا تو پھر آپ ان سے اپنے وطن اور اس کے وسائل کی دفاع کیسے کریں گے؟ منظم سازش کے تحت ہمارے نوجوانوں کو منشیات کا عادی بنا کر انہیں بدامنی پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے وطن میں کاروبار، تجارت، روزگار کے مواقع ختم کر دیے گئے ہیں۔ مائنز بند ہو چکے ہیں، مائنز اونرز سے بھتہ مانگا جاتا ہے، کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے بچے محفوظ نہیں، کانوں میں انتہائی سخت محنت کرنے کے باوجود ان کی زندگیاں محفوظ نہیں والدین یہاں تک مجبور ہو چکے ہیں کہ انہیں اپنے کام کرنے نہیں دیتے کہ وہ اپنے گھر کے پاس کوئی مزدوری کرلیں۔ مہنگائی، بیروزگاری، بدامنی خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ یہ ہر پیدا ہونے والا بچہ آئی ایم ایف کا مقروض ہے، آئی ایم ایف کے قرضے جہاں ترقی کے لیے استعمال ہوئے ان علاقوں میں پشتونخوا وطن شامل نہیں لیکن قرض کی ادائیگی مکمل شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ظلم کی انتہا ہوتی ہے، زیارت میں شہید ہونے والوں کے جنازے سرو غوڑگئی میں ایف سی نے روک رکھے ہیں اور جنازے تک نہیں دیے جا رہے یہ کیسا انصاف اور کیسا قانون ہے اور کیسا ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران جنگ میں ایران قوم نے متحد ہو کر تاریخی مثال پیش کی نہ صرف اپنے ملک بلکہ تمام عالم اسلام کی لاج رکھی۔ متحد منظم قومیں ہمیشہ فتوحات حاصل کرتے ہیں۔ ایران نے اپنی پراکسیز بنائی اور اسرائیل کو الجھائے رکھا۔ ہمیں بھی اپنی قوم کو متحد کرنا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ تب تک کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلے۔ آج بھی کہتا ہوں کہ اتفاق، متحد ہو کر اپنی دفاع کریں۔ اتحاد، اتفاق کا مظاہرہ نہیں کیا تو اس سے سخت حالات آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس احتجاجی دھرنے کے ساتھ کھڑے ہیں کوئی احسان نہیں یہ ہمارا فرض ہے، ہر قیمت پر آپ کا ساتھ دیں گے اور آپ کے مطالبات کی حمایت کرتے ہیں اور ہم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل شریک ہیں اگر آج ان کے ساتھ نہیں ہوں گے تو یہ حالات کل آپ پر بھی آئے گا اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ہر صورت میں آپ کے ساتھ ہوگی اور کھڑی

بقیہ 04

نے صوبہ کے نوجوانوں کے روشن مستقبل اور ہائیر ایجوکیشن کے فروغ کیلئے ان کے غیر متزلزل عزم کا بڑا ثبوت ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے یونیورسٹی آف لورالائی کے آٹھویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ اپنے قیام کے مختصر عرصے میں لورالائی یونیورسٹی کوالٹی ایجوکیشن اور جدید مہارتیں سکھانے کی راہ پر گامزن ہو چکی ہے۔ مذکورہ یونیورسٹی نے نہ صرف اپنے اکیڈمک ڈسپلن میں اپنا امتیاز برقرار رکھا ہے بلکہ اب الائیڈ سائنسز میں بھی بڑی دانشمندی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہمارا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ طلبا و طالبات جدید سائنسی شعبوں اور جدید مہارتوں دونوں میں معیاری تعلیم حاصل کریں تاکہ مذکورہ یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس اپنی عملی زندگی میں معاشی طور پر خودمختار اور مسابقتی بننے کے قابل رہیں۔ یونیورسٹی آف لورالائی کے آٹھویں سینیٹ اجلاس میں وائس چانسلر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ، صوبائی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح بلوچ، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی نمائندہ نورامنہ ملک، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، پرو وائس چانسلر عادل زمان کاسی اور رجسٹرار ڈاکٹر خالد خان سمیت تمام سینیٹ ممبران موجود تھے۔ شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن قومی سطح پر وسیع علم و تجربے کے ستون کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہے جو ہماری یونیورسٹیوں میں معیاری تعلیم اور جدید ریسرچ کے فروغ کیلئے قابل قدر معاونت اور فکری رہنمائی فراہم کر رہا ہے۔ سردست یہ ضروری ہے کہ ہم اپنی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے مالی استحکام کو مضبوط کریں۔ اس کیلئے دو جہتی نقطہ نظر کی ضرورت ہے پہلا آمدنی کے نئے اور پائیدار ذرائع پیدا کریں اور دوسرا اپنے تمام غیر ضروری اخراجات کو ہر ممکن حد کم کریں۔ گورنر مندوخیل نے ہدایت دی کہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر اس بات کو یقینی بنائیں کہ مقررہ وقت پر اپنے سینیٹ کے ہر اجلاس کیلئے مکمل ایجنڈا اور تمام متعلقہ دستاویزات سینیٹ ممبران کو کم از کم ایک ہفتہ قبل بھیج دی جائیں جس کے نتیجے میں مناسب غور و خوض اور بہتر فیصلہ سازی ممکن ہو سکے گی۔ گورنر مندوخیل نے وائس چانسلر ڈاکٹر احسان کاکڑ اور ان کی پوری ٹیم کو یونیورسٹی میں تعلیمی ماحول کو پروان چڑھانے اور اس کے معیار کو بلند کرنے میں ان کی انتھک کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اب آپ اپنی بھرپور توجہ مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق نئے تعلیمی پروگرامز کو متعارف کرانے پر مرکوز کریں تاکہ لورالائی یونیورسٹی بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے جدید تعلیم اور روزگار کے نئے مواقعوں کے موثر و معتبر وسیلے کے طور پر کام کرتی رہے۔ یونیورسٹی آف لورالائی کے آٹھویں سینیٹ اجلاس کے تمام شرکا کی تجاویز اور سفارشات کے نتیجے میں کئی اہم فیصلے کیے گئے۔

بقیہ 05

ر پہاڑی علاقوں میں چھپے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ کارروائی میں بھاری ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا، جس کے نتیجے میں مزید 4 دہشت گرد ہلاک جبکہ متعدد دیگر کے زخمی ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حالیہ کارروائی کے بعد آپریشن شعبان کے تحت ہلاک دہشت گردوں کی تعداد 43 ہو گئی ہے، جبکہ 5 جولائی سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں جاری آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں میں مجموعی طور پر 79 دہشت گرد مارے جا چکے ہیں۔ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے فرار کے تمام ممکنہ راستوں کی نگرانی سخت کر دی ہے اور سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشنز کا دائرہ مزید وسیع کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے ٹھکانوں، اسلحے اور سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا اور دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک دشمن عناصر کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 06

اور جرات کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر سپاہیوں پر فخر کرتی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے بیان میں بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف جاری کامیاب آپریشنز پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کے بہادر جوانوں نے ایک بار پھر اپنی جرات، عزم اور پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ محسن نقوی نے مزید 13 خوارجی دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ بلوچستان میں سرگرم فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گرد عناصر کے خاتمے کے لیے پوری قوم متحد اور یکجان ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے پاکستانی عوام اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہے۔ محسن نقوی نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ حکومت اور ریاستی ادارے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔

بقیہ 07

ن کے خودمختار کنٹرول کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی بین الاقوامی اداروں کے ساتھ ڈیٹا گورننس کے شعبے میں تعاون کو فروغ دے گی۔ بین الاقوامی ڈیٹا تبادلے کو قومی مفادات کے تحفظ کے ساتھ یقینی بنایا جائے گا، حکومت نے ذمہ دارانہ سرحد پار ڈیٹا تبادلے کے لیے عالمی اداروں سے تعاون کا فیصلہ کیا ہے، سرکاری اداروں میں ڈیٹا سیکیورٹی اور جوابدہی کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔

بقیہ 08

لفٹان منصور بخش محمد حسنی، راہداری لیٹ انچارج خالقداد ساسولی اور سینئر کلرک ملک شاہ شیرزئی بھی موجود تھے ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے سرحدی حکام کا باہمی تعارف کرایا گیا۔ خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہونے والی اس ملاقات میں سرحدی انتظام، باہمی روابط، امن و امان اور مختلف دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب کے حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان موجود دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، سرحدی سیکیورٹی کو موثر بنانے اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے رابطوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ دونوں ممالک کے متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی تعاون سے سرحدی نظم و نسق مزید بہتر ہوگا اور امن، استحکام اور قانونی آمد و رفت کے فروغ میں مدد ملے گی۔

بقیہ 09

ٹو فنانس پلان کے مختلف پہلوؤں، اہداف اور ترجیحات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ معاشی استحکام سے پائیدار اقتصادی ترقی کے سفر کو تیز کرنے کے لیے مالی سہولیات کی فراہمی کو وسعت دینا اور اسے قومی سطح پر مرکزی دھارے کا حصہ بنانا اس منصوبے کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ منصوبے کا مرکزی نکتہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز)، زراعت، برآمدات، قابل تجدید توانائی، ہاؤسنگ اور آئی ٹی کے شعبوں کے لیے آسان قرضوں اور کریڈٹ تک رسائی میں نمایاں اضافہ کرنا ہے۔ بریفنگ کے مطابق اس منصوبے کا بنیادی مقصد برآمدات میں اضافہ، پائیدار معاشی نمو اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ حکام نے بتایا کہ منصوبے پر عملدرآمد کے لیے وزارت خزانہ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، صوبائی حکومتوں اور دیگر متعلقہ اداروں پر مشتمل پورے نظام پر مبنی (System-of-Whole) طریقہ کار اختیار کیا جائے گا۔ نئے گورننس اسٹرکچر کے تحت وزیرخزانہ اس نظام کی سربراہی کریں گے جبکہ گورنر اسٹیٹ بینک شریک سربراہ کی حیثیت سے ذمہ داریاں انجام دیں گے۔ اس ڈھانچے کے تحت باقاعدگی سے اجلاس منعقد ہوں گے اور وزیراعظم کو ہر ماہ پیش رفت سے آگاہ کیا جائے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اگلے دو برسوں کے لیے مختلف شعبوں میں مالی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے پرعزم اہداف مقرر کیے گئے ہیں۔ ان اہداف میں بینکوں کی جانب سے ایس ایم ای سیکٹر کو دیے جانے والے قرضوں کی تعداد اور قرض حاصل کرنے والے کاروباروں کی تعداد میں نمایاں اضافہ شامل ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ نجی شعبے کے مجموعی قرضوں میں ایس ایم ای سیکٹر کا حصہ موجودہ 7 فیصد سے بڑھا کر آئندہ دو سال کے دوران 10 فیصد تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ ایس ایم ای شعبے میں قرضوں سے مستفید ہونے والے افراد اور کاروباری اداروں کی تعداد 3 لاکھ 10 ہزار سے بڑھا کر 7 لاکھ 50 ہزار تک پہنچانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی کے لیے مختلف شعبوں کو آسان شرائط پر مالی سہولیات کی فراہمی انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ای سیکٹر ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور اس شعبے کی ترقی کے بغیر معاشی اہداف کا حصول ممکن نہیں۔ وزیراعظم نے بینکوں کو ہدایت کی کہ وہ ترجیحی شعبوں، بالخصوص ایس ایم ای سیکٹر کے لیے قرضوں کی فراہمی میں نمایاں اضافہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ آسان شرائط پر مالی سہولیات کی دستیابی سے نہ صرف برآمدات میں اضافہ ہوگا بلکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور معیشت پائیدار بنیادوں پر ترقی کی راہ پر گامزن ہوگی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ مالی سہولیات کی فراہمی میں بہتر کارکردگی دکھانے والے بینکوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور ایکسیس ٹو فنانس پلان پر پیش رفت کا ماہانہ جائزہ وہ خود اپنی سربراہی میں منعقد ہونے والے اجلاسوں میں لیں گے۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، مختلف بینکوں کے صدور اور چیف ایگزیکٹو افسران، صوبائی چیف سیکرٹریز اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 10

ٹوکول، میڈیا کوریج اور لاجسٹکس سمیت تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسحاق ڈار نے متعلقہ اداروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ دنیا بھر سے آنے والے وفود کو پاکستانی مہمان نوازی کا بہترین تجربہ فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ اسلام آباد میں 12 اور 13 جولائی کو منعقد ہونے والی او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کی تیاریاں اپنے آخری مرحلے میں داخل ہو گئی ہیں۔ اس سلسلے میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیرصدارت اعلیٰ سطحی کمیٹی کا آٹھواں اجلاس منعقد ہوا، جس میں کانفرنس کے انعقاد سے متعلق انتظامی، سکیورٹی اور سفارتی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون، وفاقی سیکرٹری خارجہ، وفاقی سیکرٹری انسانی حقوق اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔ شرکاء کو کانفرنس کے مجوزہ پروگرام، غیر ملکی وفود کی آمد، رہائش، نقل و حرکت، پروٹوکول، میڈیا انتظامات اور دیگر انتظامی معاملات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران دنیا بھر سے آنے والے مندوبین اور معزز مہمانوں کے لیے سہولیات کی فراہمی، جامع سکیورٹی پلان اور مختلف وزارتوں اور اداروں کے درمیان رابطہ کاری کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون اور موثر رابطے کے ذریعے انتظامات کو حتمی شکل دینے کی ہدایت کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے کہا کہ او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین پاکستان کے لیے ایک اہم بین الاقوامی سفارتی موقع ہے، جس کے ذریعے مسلم دنیا میں خواتین کے کردار، ان کے حقوق اور بااختیار بنانے کے حوالے سے مشترکہ حکمت عملی کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ اسحاق ڈار نے کانفرنس کی تیاریوں میں مصروف مختلف وزارتوں اور اداروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ انتظامات کے ہر پہلو کو بین الاقوامی معیار کے مطابق مکمل کیا جائے اور اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ دنیا بھر سے آنے والے وفود کو پاکستان کی روایتی مہمان نوازی، موثر انتظامی صلاحیت اور مثبت تشخص کا بہترین تجربہ حاصل ہو۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان او آئی سی وزارتی کانفرنس برائے خواتین کی کامیاب میزبانی کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور اس اہم فورم کے ذریعے خواتین کی ترقی، مساوی مواقع اور بااختیار بنانے کے مشترکہ ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں اپنا موثر کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 11

فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور غیر متزلزل عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وزیراعظم نے اپنے بیان میں پاک فوج، ایف سی اور بلوچستان پولیس کے جوانوں کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دشوار گزار پہاڑی علاقوں میں انتہائی پیچیدہ حالات کے باوجود سکیورٹی فورسز نے جس حکمت عملی، عزم اور جرات کے ساتھ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کیں، وہ قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "آپریشن شعبان" کے دوران فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کو بھاری نقصان پہنچایا گیا ہے اور اب تک 75 دہشت گردوں کی ہلاکت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے خضدار کے علاقے میں پولیس اسٹیشن پر دہشت گردوں کے حملے کو بروقت اور موثر کارروائی کے ذریعے ناکام بنانے پر پاک فوج اور ایف سی کے دستوں کو خصوصی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فورسز نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ فتنہ الخوارج کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز اور پوری قوم کے حوصلے اور عزم میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی لعنت کو ملک کی جڑوں سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے تمام قومی وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے امن و امان کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا اور پاکستان کی پوری قوم اپنی بہادر افواج، ایف سی اور پولیس کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے اس یقین کا اظہار کیا کہ سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں، عوام کے تعاون اور قومی یکجہتی کے ذریعے ملک سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 12

کے مطالبات اور سرکاری ملازمین کو درپیش مسائل کو تفصیل اور مدلل انداز میں گورنر بلوچستان کے سامنے پیش کیے وفد نے بالخصوص 30 فیصد ڈسپیریٹی ریڈکشن الاؤنس (DRA) کے فوری اجراء، احتجاجی تحریک کے دوران گرفتار ہونے والے تمام اسیران تحریک کی فوری رہائی، جبری ریٹائرمنٹ سمیت ملازمین کے خلاف کی جانے والی تمام تادیبی کارروائیوں کے خاتمے، اور دیگر جائز ملازم دوست مطالبات پر فوری اور مثبت پیش رفت کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 13

کی تحقیقاتی ادارے کے مطابق بچوں میں سوشل میڈیا کا زیادہ استعمال خراب نیند، بے چینی، ڈپریشن اور تعلیمی مشکلات میں اضافے کا سبب ہے۔ سی این این کے مطابق تحقیق میں خبردار کیا گیا ہے کہ ابتدائی عمر میں سکرین کا زیادہ استعمال بچوں کی ذہنی، سماجی اور جسمانی نشوونما پر منفی اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ "عرب نیوز" کے مطابق سوشل میڈیا کا استعمال بچوں اور نوجوانوں کی دماغی نشوونما، رویوں اور جذباتی صحت پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ ڈیٹا ایس کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں سولہ سال سے کم عمر بچوں کی آبادی تقریباً 10 کروڑ 58 لاکھ ہے، جن میں بڑی تعداد موبائل صارفین کی ہے۔

بقیہ 14

بلتستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان سے اپنی محبت، وفاداری اور قومی یکجہتی کا عملی ثبوت دیا ہے اور وفاقی حکومت خطے کی تعمیر و ترقی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، صحت، توانائی، سیاحت اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 15

حد کے درمیان ہونے والی ملاقات میں سامنے آیا، جس میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی امن اور سیکیورٹی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران دونوں وزرائے داخلہ نے مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر پولیس افسران کی پیشہ ورانہ تربیت، تجربات کے تبادلے اور ایکسچینج پروگرامز کے آغاز سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے سائبر کرائمز اور آن لائن فراڈ جیسے بڑھتے ہوئے چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے باہمی اشتراک اور معلومات کے تبادلے کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا۔ ملاقات میں ایران، امریکہ تنازع اور مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ خطے میں امن، استحکام اور سفارتی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے خطے میں امن کے قیام کے لیے ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 16

ن اقوام میں سے کسی نے دوسرے کو فتح کیا ہے نہ کوئی کسی کی کالونی ہے نہ کوئی کسی کا آقا ہے اور نہ ہی غلام۔ بلکہ یہ ایک رضاکارانہ فیڈریشن ہے۔ کیا افواج پاکستان اس ملک کے لیے ہیں یا پھر یہ ملک فوج کے لیے ہے؟ جب تک یہ فیصلہ نہیں ہوتا ہمارا ملک نہیں چل سکتا۔ جب ہم یہ بات کرتے ہیں تو فوراً غداری کا تمغہ آجاتا ہے، زیارت اور کوئٹہ کے ہنہ اوڑک واقعات پر کسی شریف آدمی کو استعفیٰ دے دینا چاہیے تھا۔ اسلحہ ختم ہونے کے باوجود اہلکاروں کی مدد کے لیے کوئی نہیں آیا۔

بقیہ 17

نے لگے۔ ایچ ون بی ویزہ فراڈ میں بھارتی کمپنیوں کے ملوث ہونے پر مودی حکومت کو امریکا میں بھی شرمندگی کا سامنا ہے۔ بھارتی جریدہ دی انڈین ایکسپریس کے مطابق امریکا میں ایچ ون بی اور پرم ویزا پروگرامز میں مبینہ فراڈ کی بڑی تحقیقات شروع ہوگئیں، امریکی عہدیدار کے مطابق تحقیقات کے دائرے میں شامل کمپنیوں میں بھارتی آئی ٹی کمپنی کوگیزنٹ کا نام بھی شامل ہے۔ بھارتی جریدہ کے مطابق یہ تحقیقات امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی سربراہی میں قائم ٹاسک فورس کر رہی ہے، جعلی ویزا درخواستوں سے غیر ملکی کارکنوں کے استحصال اور امریکی کارکنوں کو نقصان پہنچانے والی سکیموں کا انکشاف ہوا۔ امریکی محکمہ محنت کے انسپکٹر جنرل انتھونی ڈی ایسپوزیتو کے مطابق سکینڈل میں ملوث کمپنیوں کو سمن جاری کر کے کئی معاملات کی چھان بین کی جا رہی ہے، تحقیقات کے دائرے میں شامل کمپنیوں میں بھارتی آئی ٹی کمپنی کوگیزنٹ کا نام بھی شامل ہے۔ امریکا میں ویزا فراڈ کے سکینڈل نے عالمی سطح پر بھارت کے جھوٹ، مالی بدعنوانی اور سائبر جرائم کے منظم دھندے کو بے نقاب کر دیا۔

بقیہ 18

سورسنگ صنعت نہ صرف برآمدات میں نمایاں اضافہ کر رہی ہے بلکہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کر رہی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2025-26 کے پہلے 11 ماہ کے دوران پاکستان کے بی پی او اور کال سینٹرز کی برآمدی آمدنی 300 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئی۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی تا مئی کے عرصے میں کال سینٹرز کی برآمدات 269 ملین ڈالر سے بڑھ کر 322 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 19 فیصد اضافے کی نشاندہی کرتی ہیں۔ ماہرین کے مطابق عالمی سطح پر مصنوعی ذہانت کے بڑھتے ہوئے استعمال نے کسٹمر سپورٹ اور آؤٹ سورسنگ خدمات کو مزید موثر، تیز رفتار اور کم لاگت بنا دیا ہے، جس سے پاکستانی سروس فراہم کنندگان کی عالمی مسابقت میں اضافہ ہوا ہے۔ اے آئی پر مبنی خودکار نظام، جدید ڈیٹا اینالیٹکس اور بہتر کسٹمر سروس کے ذریعے ملکی کمپنیاں بین الاقوامی معیار کی خدمات فراہم کر رہی ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان کے تقریباً 90 فیصد کال سینٹرز اور بی پی او کمپنیاں بیرون ملک صارفین کو خدمات فراہم کر کے قیمتی زرمبادلہ کما رہی ہیں، جس سے آئی ٹی برآمدات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ حکومتی پالیسی سپورٹ، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی بہتری اور ہنرمند افرادی قوت کی تیاری سے بی پی او کا شعبہ مستقبل میں لاکھوں نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، جبکہ جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے موثر استعمال سے پاکستان عالمی آئی ٹی معیشت میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کر سکتا ہے۔#

بقیہ 19

کی حکومت ہے لیکن پارٹی اور حکومت کہیں نظر نہیں آرہی جس کی وجہ سے ماضی کی طرح اس بار بھی پیپلز پارٹی کو عوام کی جانب سے سخت تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور عوام نے شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے جیالوں اور دیرینہ ساتھیوں کو اس عمل سے شدید ذہنی کوفت اور تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کہ عوام کے دلوں کی ترجمانی کرنے والی پیپلز پارٹی آج بلوچستان کے حالات پر خاموش اور اس کی بہتری کے لئے کردار ادا کرنے سے کیوں قاصر ہے منتخب ہونے والے نمائندے عوام کے ٹیکسوں سے تمام مراعات، سہولیات حاصل کرنے کے باوجود عوام کی دلجوئی اور مسائل کو حل کرنے سے قاصر ہیں جس کی وجہ سے پیپلز پارٹی کے خلاف عوام میں شدید بدگمانی پائی جارہی ہے اس لئے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر مملکت آصف علی زرداری پیپلز پارٹی کی عوام میں کھوئی جانے والی مقبولیت اور حالات کو بہتر بنانے میں کردار ادا کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے ذاتی طور پر پارٹی کو بچانے کے لئے اور صوبے کی بہتری کے لئے اپنا موثر کردار ادا کریں تاکہ پیپلز پارٹی کے جیالوں اور دیرینہ ساتھیوں کے دلوں کو پہنچنے والی اذیت، کوفت سے چھٹکارا مل سکے۔

بقیہ 20

ی روایتی یا علامتی تقریب نہیں تھی بلکہ عوامی موجودگی کے حقیقی میدان میں طاقت کا واضح مظاہرہ تھا۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔

بقیہ 21

ل پارٹیز کانفرنس بلانے اور متاثرہ عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کی ضرورت پر بھی زور دیا، جبکہ اسلام آباد میں ترقیاتی منصوبوں اور سی ڈی اے کی کارکردگی پر بھی سخت تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس چیئرمین راجہ خرم نواز کی زیرصدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات، امن و امان کی صورتحال اور اسلام آباد میں ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں کمیٹی اراکین نے بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اراکین کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے قومی سطح پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ رکن کمیٹی اعجاز الحق نے بلوچستان کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال پر ان کیمرہ بریفنگ لینے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اراکین کو زمینی حقائق سے مکمل طور پر آگاہ کیا جانا چاہیے تاکہ موثر سفارشات مرتب کی جا سکیں۔ نبیل گبول نے آئندہ اجلاس بلوچستان میں منعقد کرنے کی سفارش کی تاکہ کمیٹی صورتحال کا براہ راست جائزہ لے سکے۔ رکن کمیٹی آغا رفیع اللہ نے کہا کہ بلوچستان میں نہ بلوچ محفوظ ہیں اور نہ پشتون، اس لیے پارلیمنٹ کو عوام کے درمیان جا کر یہ پیغام دینا چاہیے کہ پوری ریاست اور پارلیمان ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوارج کا کسی قوم، نسل یا قبیلے سے تعلق نہیں بلکہ وہ صرف قومی یکجہتی اور امن کے دشمن ہیں۔ انہوں نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے بعض علاقوں میں مسلح عناصر کھلے عام گھوم رہے ہیں، جو سیکیورٹی اداروں اور حکومت کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ رکن کمیٹی خوشحال خان نے کہا کہ دہشت گرد عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے کے لیے افواہیں پھیلاتے ہیں اور لوگوں کو یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ ان کے عزیزوں کی لاشیں پڑی ہیں، جس سے بے چینی اور اضطراب میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کوئٹہ میں سات ہزار افراد پر مشتمل امن فورس کا بھی ذکر کیا اور امن و امان کی بحالی کے لیے مربوط اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے تجویز دی کہ بلوچستان کی صورتحال کو بہتر انداز میں سمجھنے اور متعلقہ حکام سے براہ راست بریفنگ لینے کے لیے کمیٹی کا آئندہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد کیا جائے۔ کمیٹی کے تمام اراکین نے اس تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے اسے عملی جامہ پہنانے کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) بھی شریک ہوئے اور اسلام آباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی راجہ خرم نواز نے کہا کہ اگرچہ دیگر ادارے قائمہ کمیٹی کی سفارشات پر عمل کرتے ہیں، تاہم سی ڈی اے اکثر کمیٹی کی ہدایات پر مکمل عملدرآمد نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ بعض سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے لیے فنڈز جاری ہونے کے باوجود منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر ہو رہی ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے بتایا کہ ادارہ متعدد ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہا ہے جبکہ بعض سڑکیں وزیراعظم کے خصوصی ترقیاتی پروگرام کے تحت تعمیر کی جائیں گی اور ان منصوبوں کا انحصار بجٹ کی دستیابی پر بھی ہے۔ اس موقع پر چیئرمین کمیٹی راجہ خرم نواز نے واضح کیا کہ سی ڈی اے کی ذمہ داریاں صرف اسلام آباد کے شہری سیکٹرز تک محدود نہیں بلکہ دیہی علاقوں کی بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی اس کے دائرہ کار میں شامل ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب انڈر پاسز اور بڑے ترقیاتی منصوبوں کے لیے وسائل دستیاب ہو جاتے ہیں تو دیہی علاقوں کی سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے لیے فنڈز کی کمی کا جواز کیوں پیش کیا جاتا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر کمیٹی اراکین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں امن و امان کی بحالی، دہشت گردی کے خاتمے اور اسلام آباد کے شہری و دیہی علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے موثر، مربوط اور نتیجہ خیز اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ 22

ہے کہ پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کی روانگی منسوخ کر دی گئی جبکہ پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس بھی جمعہ کو جیکب آباد تک محدود رہے گی۔ ریلوے حکام کے مطابق ٹرین کی معطلی کے باعث مسافروں کو ٹکٹ کی پوری رقم واپس کی جائے گی۔

بقیہ 23

نمایاں کمی اور ترسیلی نظام کی استعداد میں اضافہ متوقع ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ منصوبے کے تحت ونڈ پاور سے حاصل ہونے والی مزید 640 میگاواٹ بجلی قومی گرڈ میں شامل کی جائے گی، جس سے پاکستان میں قابل تجدید توانائی کے فروغ کو تقویت ملے گی اور توانائی کے شعبے میں پائیدار ترقی کی راہ ہموار ہوگی۔ عالمی بینک کے مطابق جدید ٹرانسمیشن نظام بجلی کی لاگت میں کمی، گھریلو، صنعتی اور تجارتی صارفین کو بہتر بجلی کی فراہمی، اور مجموعی طور پر پاور سسٹم کے استحکام میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس کے علاوہ پروگرام کے ذریعے بجلی کے نظام کو موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے مقابلے میں زیادہ محفوظ اور لچکدار بنایا جائے گا۔ اعلامیے میں مزید بتایا گیا ہے کہ اس منصوبے سے ہر سال تقریباً 8 لاکھ 32 ہزار ٹن کاربن کے اخراج میں کمی متوقع ہے، جبکہ یہ حکومت کی پاور سیکٹر اصلاحات کو بھی تقویت دے گا۔ عالمی بینک کا کہنا ہے کہ منصوبے سے بجلی کی ترسیل کا نظام مزید موثر اور مستحکم ہوگا اور پاکستان میں قابل تجدید توانائی کا حصہ بڑھانے کی کوششوں کو بھی فروغ ملے گا۔

بقیہ 24

اختر خان نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانے اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے کے لیے پیچیدہ، غیر ضروری اور کثیر ضابطہ جاتی نظام میں بنیادی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کار ایسے ممالک کا رخ کرتے ہیں

بقیہ 25

ن کے امن، ترقی اور عوامی مسائل کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اپیکس کمیٹی کے اجلاس میں دہشت گردی کے خاتمے، امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے واضح اور دوٹوک موقف اختیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالیہ دہشت گردی کے واقعات انتہائی افسوسناک ہیں، تاہم سکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیوں نے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہداء کی قربانیاں قوم ہمیشہ یاد رکھے گی اور ان کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم کی زیرصدارت ہونے والا اپیکس کمیٹی کا اجلاس وفاق اور صوبے کے درمیان موثر رابطے، بہتر حکمت عملی اور دہشت گردی کے خلاف مربوط اقدامات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت باہمی تعاون سے نہ صرف امن و امان کی صورتحال مزید بہتر بنائیں گی بلکہ صوبے کی ترقی، عوامی خوشحالی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بھی عملی اقدامات جاری رکھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت بلوچستان میں پائیدار امن، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لا رہی ہے۔ ان شاءاللہ دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کر کے بلوچستان کو امن، استحکام اور خوشحالی کا گہوارہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 26

میں ٹبال کی بحالی، نوجوان ٹیلنٹ کی سرپرستی اور کھیلوں کے فروغ کے لیے حکومتی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے اور انہیں مناسب مواقع اور سہولیات فراہم کر کے قومی اور بین الاقوامی سطح پر نمایاں مقام دلایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 27

جات اور جدید طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے قائم کمیٹی کے اجلاس میں متعدد اہم سفارشات کی منظوری دے دی گئی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیرصدارت ہونے والے اجلاس میں وفاقی سیکرٹریٹ کی تنظیم نو، ای آفس نظام کی اپ گریڈیشن اور حکومتی کارکردگی کے موثر جائزے سے متعلق سفارشات کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی سیکرٹریٹ کی تنظیم نو سے متعلق سفارشات کو حتمی شکل دیتے ہوئے ای آفس کو روایتی فائل ورک سے آگے بڑھا کر جدید اور موثر فیصلہ سازی کے نظام میں تبدیل کرنے کی سفارش منظور کی گئی۔ اس کے ساتھ ہی ایم ایس ونگ میں اصلاحات، ادارہ جاتی استعداد میں اضافے اور کارکردگی جانچ کے نظام کو مزید موثر بنانے کی تجاویز بھی منظور کر لی گئیں۔ اجلاس میں پورے حکومتی ڈھانچے میں مربوط اور مشترکہ طرز حکمرانی کے نفاذ کے لیے بھی سفارشات تیار کی گئیں، جن کا مقصد مختلف وزارتوں اور اداروں کے درمیان بہتر رابطہ، موثر ہم آہنگی اور فیصلہ سازی کے عمل کو مزید تیز اور شفاف بنانا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کمیٹی کی تمام حتمی سفارشات منظوری کے لیے وزیراعظم کو پیش کی جائیں گی، جس کے بعد ان پر مرحلہ وار عملدرآمد کا آغاز کیا جائے گا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر پیٹرولیم، وفاقی وزیر آئی ٹی، متعلقہ وفاقی سیکرٹریز اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اور مجوزہ اصلاحات پر تفصیلی غور کیا۔

بقیہ 28

اور بے حس رویے پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس المناک سانحے کے پہلے دن سے لے کر آج تک حکومت نے متاثرہ خاندانوں کے زخموں پر مرہم رکھنے کے بجائے مسلسل ان کی اذیت اور کرب میں اضافہ کیا ہے۔ ریاست اور حکومت کی ذمہ داری تھی کہ وہ غم زدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہوتی، لیکن ہر مرحلے پر انہیں بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ گزشتہ روز شہداء کی لاشوں کی اطلاع ملنے کے بعد سے رات گئے تک انتظامیہ کی جانب سے مسلسل متضاد اطلاعات دی جاتی رہیں۔ کبھی منگلا اور کبھی کسی دوسری جگہ کا بتایا جاتا رہا، جس کے باعث لواحقین اور عوام شدید ذہنی اذیت، پریشانی اور خواری کا شکار رہے۔

بقیہ 29

نہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید مولا بخش دشتی ان عظیم قومی رہنماؤں میں شامل تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی بلوچ قوم کے سیاسی شعور، جمہوری اقدار، قومی حقوق اور عوامی بالادستی کے لیے وقف کر دی۔ ان کی جدوجہد، فکر اور سیاسی بصیرت آج بھی بلوچ قومی سیاست کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ اپنے بیان میں میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ شہید مولا بخش دشتی کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام کو بااختیار بنانا، نوجوان نسل میں سیاسی شعور پیدا کرنا اور قومی تحریک کو منظم، پرامن اور جمہوری بنیادوں پر استوار کرنا تھا۔ وہ اس بات پر پختہ یقین رکھتے تھے کہ کوئی بھی قومی تحریک اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک عام آدمی اس کا حقیقی حصہ نہ بنے اور اسے اپنے حقوق، ذمہ داریوں اور سیاسی طاقت کا شعور حاصل نہ ہو

بقیہ 30

ک اور قابل مذمت واقعہ ہے یہ حملے نہ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کے خلاف بزدلانہ کارروائی ہیں بلکہ ریاستی امن، عوامی تحفظ اور بلوچستان کے استحکام کو نشانہ بنانے کی کوشش بھی ہیں ان شہداء نے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک کے امن اور شہریوں کے تحفظ کا فریضہ انجام دیا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے یہ واقعات ایک بار پھر اس حقیقت کو اجاگر کرتے ہیں کہ بلوچستان میں بھارت کی پشت پناہی سے امن کے یہ دشمن عناصر اب بھی متحرک ہیں جن کا قلع قمع فوری طور پر ضروری ہے شدت پسند گروہوں کو بیرونی سرپرستی، تربیت اور مالی معاونت حاصل ہے۔ پاکستان میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات کے پیچھے بھارت کا ہاتھ ہے۔ بیرونی عناصر پاکستان کے داخلی امن کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں اس لیے عالمی برادری بھی اس معاملے کا سنجیدگی سے نوٹس لے۔

بقیہ 31

ملاقاتیں کیں، جن میں وزیراعظم نے کثیرالجہتی تعاون، عالمی امن و سلامتی، ترقی اور انسانی حقوق کے فروغ کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مکمل عملدرآمد، بین الاقوامی قانون کے احترام اور ترقی پذیر ممالک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے موثر بین الاقوامی تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقاتوں کے دوران عالمی اور علاقائی صورتحال، اقوام متحدہ کے کردار، بین الاقوامی تعاون، پائیدار ترقی اور عالمی امن و سلامتی کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دونوں امیدواروں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے نظام، اس کے منشور کے مقاصد اور بنیادی اصولوں پر مکمل یقین رکھتا ہے اور عالمی سطح پر کثیرالجہتی تعاون کے فروغ کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ آج بھی عالمی امن، تنازعات کے حل، انسانی ترقی اور بین الاقوامی تعاون کے فروغ کے لیے سب سے اہم اور موثر عالمی ادارہ ہے۔

بقیہ 01

مل بیٹھ کر دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کرنا ہوگا تاکہ اس کے پیچھے محرکات کو بے نقاب کیا جاسکے اپنے جاری کردہ بیان میں انہو نے کہا کہ موجودہ حکومت کے برسر اقتدار آنے کے بعد بلوچستان کے حالات روز بروز بگڑتے جارہے ہیں اور آئے روز فورسز کے جوانوں، آفیسران اور شہریوں کی قتل و غارت گری اور بدامنی عروج پر ہے لوگ اپنے گھروں میں محفوظ نہیں اور صوبے کی شاہراہیں بھی غیر محفوظ ہیں۔ کیونکہ صوبائی حکومت بلوچستان میں عام شہری تو کیا اپنی پولیس کو تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ اور صوبائی حکومت نے سب ٹھیک ہے کی رٹ لگا رکھی ہے۔ یہاں تو جنگل کا قانون ہے۔ ہمیں سمجھ میں نہیں آرہا کہ یہ دہشت گرد کہاں سے آتے اور دہشتگردانہ وارداتیں کر کے کہاں چلے جاتے ہیں۔ عوام کو اب اور بے وقوف نہ بنایا جائے۔ اگر بلوچستان میں حقیقی نمائندے ایوان میں ہوتے تو آج بلوچستان کے حالات مختلف ہوتے نوابزادہ گہرام بگٹی نے مزید کہا ہے کہ اب ہمیں اور لاشیں نہیں اٹھانی۔ اب وہ وقت آگیا ہے کہ بلوچستان کے بلوچ پشتون قبائل مل بیٹھ کر دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کریں کہ اس کا خاتمہ ممکن بنایا جائے اور اس دہشت گردی کے پیچھے جو بھی محرکات ہیں انہیں عوام کے سامنے لاکر بے نقاب کیا جائے۔ انہوں نے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہم شہداء کے لواحقین کے اس غم میں برابر شریک ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہے کہ شہداء کے درجات بلند فرمائے۔

بقیہ 02

کر طلبا کے چہرے خوشی سے تمتما اٹھے، جبکہ ان کا دوستانہ اور مشفقانہ انداز سکول میں ایک ولولہ انگیز ماحول پیدا کر گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجک نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا آج ان بچوں کی آنکھوں میں قوم کا روشن مستقبل دکھائی دے رہا ہے۔ یہ ننھے معمار ہماری امید ہیں، اور انہیں بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کا مشن ہے۔ میں اساتذہ پر زور دیتا ہوں کہ وہ ان پھولوں جیسی صلاحیتوں کو علم کی آبیاری سے سنواریں تاکہ یہ مستقبل میں وطن عزیز کا مان بن سکیں انہوں نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ بچوں کی ذہنی نشوونما کے لیے کھیل کود اور ہم نصابی سرگرمیوں کو بھی تعلیمی عمل کا حصہ بنائیں۔

بقیہ 03

سے تعلق رکھنے والی مختلف شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے بلال خان کاکڑ نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی، کاروبار دوست ماحول کی فراہمی اور صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں، جن کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے غیر معمولی کشش رکھتے ہیں، جبکہ حکومت سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولیات اور مکمل تعاون فراہم کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ اس موقع پر کاروباری شخصیات نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ نجی شعبہ صوبے کی معاشی ترقی میں حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گا۔

بقیہ 04

نہ صرف عوام کے لیے ایک بڑی سہولت ثابت ہوگا بلکہ علاقے میں صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک تاریخی پیش رفت بھی ہے افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی لیفٹیننٹ کرنل محمد قاسم، ونگ کمانڈر 112 تفتان رائفلز تھے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر تفتان عبداللہ کشانی، وائس چیئرمین پیر جان سنجرانی، سردار عبدالرحیم خلجی، ڈاکٹر محمد بلال، محمد ولی بڑیچ، حاجی ندا محمد ساسولی، سردار ثناء اللہ محمد حسنی، محمد طارق مشوانی، علاقے کے معززین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جہاں شرکاء نے اس اہم منصوبے کی تکمیل پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا افتتاح کے بعد ونگ کمانڈر محمد قاسم نے ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور ڈاکٹرز سے ملاقات کر کے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ اس جدید ہسپتال میں پہلی مرتبہ تفتان اور پورے ضلع چاغی کے لیے ایک مستند خاتون ماہر امراض نسواں (گائناکالوجسٹ) اپنی خدمات انجام دے رہی ہیں، جو علاقے کی خواتین کے لیے ایک بہت بڑی سہولت اور ریلیف ثابت ہوں گی۔ اس کے علاوہ ہسپتال میں آرتھوپیڈک سرجن اور جنرل فزیشنز بھی اپنی خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ ہسپتال باقاعدہ طور پر فعال ہو چکا ہے اور پہلے ہی متعدد مریضوں کا کامیاب علاج اور معائنہ کیا جا چکا ہے بعد ازاں ونگ کمانڈر نے مقامی عمائدین اور عوام سے ملاقات کی، جنہوں نے اس عظیم عوامی منصوبے پر اپنی خوشی اور تشکر کا اظہار کیا۔ اس موقع پر منعقدہ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے ونگ کمانڈر نے علاقے کے عوام اور معززین کو اس تاریخی کامیابی پر مبارکباد دی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ یہ ہسپتال نہ صرف تفتان بلکہ پورے ضلع چاغی میں اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات فراہم کرنے والا منفرد طبی مرکز ثابت ہوگا آخر میں تمام مہمانوں کے اعزاز میں ٹی پارٹی کا اہتمام کیا گیا تھا

بقیہ 05

بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ ان واقعات میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز اور موثر کارروائی کی جائے اور بے گناہ شہریوں، سیکیورٹی اداروں اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے والے تمام ذمہ داران کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ سکینہ عبداللہ خان نے کہا کہ بلوچستان میں آئے روز دہشت گردی اور تشدد کے واقعات عوام کے جان و مال اور صوبے کے امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انسانی جانوں کے تحفظ، امن کے قیام اور قانون کی بالادستی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیے۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، زخمیوں کو جلد صحت کاملہ عطا کرے اور بلوچستان میں پائیدار امن قائم فرمائے۔

بقیہ 06

لت سے رجوع کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں واحد بادینی، الیاس زاہدی، محمد علی، ذیشان علی سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ ٹاؤن جو کوئٹہ کا ایک گنجان آباد علاقہ ہے وہاں کے مکین دور جدید میں زندگی کی بنیادی سہولیات پینے کے صاف پانی اور دیگر سہولیات سے محروم ہیں علاقے میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ نے عوام کی زندگی کی اجیرن بنا رکھی ہے اور کاروباری سرگرمیاں بھی ٹھپ ہو کر رہ گئی ہے علاقے میں بجلی کے مسئلے کے حل کیلئے نئے گرڈ اسٹیشن کی بازگشت سنائی دی لیکن اس پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوا گزشتہ کچھ عرصے میں علاقے میں آتشزدگی سے لوگوں کا کروڑوں روپے کا نقصان ہوا علاقے میں جدید سہولیات سے آراستہ فائر بریگیڈ اسٹیشن کا قیام ناگزیر ہے زندگی کی بنیادی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکین مشکلات سے دو چار ہیں اور اس حوالے سے متعدد بار میڈیا کے توسط سے اور احتجاج کے ذریعے حکام بالا تک اپنے مطالبات پہنچا چکے ہیں تاحال کوئی شنوائی نہیں ہوئی انہوں نے کہا کہ شدید گرمی میں بڑھتی ہوئی مہنگائی میں علاقہ مکین پانی کی عدم فراہمی کی وجہ سے پرائیویٹ ٹینکر مافیا سے مہنگے داموں پانی خرید کر استعمال کرنے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا کہ عدالت عالیہ کے احکامات کے باوجود ہزارہ ٹاؤن کے مکینوں کو واسا کی جانب سے پانی فراہم نہیں کیا گیا اور آج بھی ایمرجنسی سروسز اور زندگی کی بنیادی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے مکین مشکلات سے دو چار ہیں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے، پانی کی فراہمی اور دیگر سہولیات کے لئے متعلقہ حکام سے متعدد بار رابطے کئے تاحال کوئی شنوائی نہیں ہوئی اس لئے آج ہم پریس کانفرنس کے ذریعے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ علاقے میں 16 گھنٹے سے زائد کی لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ بلاتعطل پانی کی فراہمی اور فائر بریگیڈ اسٹیشن کے قیام سمیت دیگر سہولیات فراہم کی جائے بصورت دیگر علاقے کے تاجروں عوام کے ساتھ ملکر احتجاج اور عدالت سے رجوع کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 07

جولائی کو (بروز ہفتہ) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv مری آباد، کانسی ون، کانسی ٹو فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جناح ٹاؤن، بروری، ملک پلانٹ، جی او آر کالونی، نواں کلی، مالک فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی۔ اسکے علاوہ 11 جولائی اور 13 جولائی کو (روزانہ) زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسی طرح 12 جولائی (بروز اتوار) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، سریاب ون، سریاب ٹو، غازی، اے ون سٹی، ہزارہ ٹاؤن، کرانی، واسا، اولڈ سٹلائٹ ٹاؤن فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز اسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیڈیم فیڈر جبکہ شیخ ماندہ گرڈ کے پی اے ایف اور مری آباد گرڈ کے گلستان روڈ، حالی روڈ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ علاوہ ازیں 13 جولائی کو (بروز پیر) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی اے ایف سٹی، اولڈ سمنگلی، انٹرکنیکٹر فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، اتکاتو، واریم، ادیان، دوتین فیڈرز سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی۔ دریں اثناء 132kv اوستہ محمد۔ جھل مگسی ٹرانسمیشن لائن پر 11 جولائی سے 15 جولائی تک (روزانہ) صبح 7 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک ٹاورز کی تنصیب کا کام کیا جائے گا۔ جسکے باعث اس دورانیہ میں 132kv جھل مگسی گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش کے باعث زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 08

قوم لونی ساکن لونی دکی کو قتل، اسلحہ اور دیگر جرائم میں مجرم قرار دے دیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق قتل کے مقدمہ (FIR نمبر 2025/09) میں ملزم کو تعزیرات پاکستان کی دفعہ 302(b) کے تحت عمر قید کی سزا سنائی گئی۔ عدالت نے مقتول خوشحال خان لونی کے ورثاء کو 7 لاکھ روپے بطور معاوضہ ادا کرنے کا بھی حکم دیا، جبکہ عدم ادائیگی کی صورت میں مزید 4 ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ اسی مقدمے میں دفعہ 201 کے تحت 6 سال قید بامشقت اور 50 ہزار روپے جرمانہ، جبکہ دفعہ 438 کے تحت 7 سال قید اور 50 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں مزید سادہ قید کی سزا بھی مقرر کی گئی۔ دوسرے مقدمے (FIR نمبر 2025/10) میں بلوچستان آرمز ایکٹ 2022 کی دفعہ 15-D کے تحت ملزم کو 3 سال قید بامشقت اور 50 ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی گئی، جبکہ جرمانہ ادا نہ کرنے پر 3 ماہ مزید سادہ قید بھگتنا ہوگی۔ عدالت نے حکم دیا کہ دونوں مقدمات کی سزائیں بیک وقت (Concurrent) چلیں گی، جبکہ ملزم کو ضابطہ فوجداری کی دفعہ 382-B کا فائدہ بھی دیا گیا اور گرفتاری کے بعد جیل میں گزارا گیا عرصہ سزا میں شمار کیا جائے گا۔ یہ خبر عدالتی فیصلے (Slip Sentence) میں درج معلومات کی بنیاد پر مرتب کی گئی ہے۔ مجرم نے اس سے قبل جوڈیشل مجسٹریٹ دکی کی عدالت میں قتل کا اعتراف خود کرتے ہوئے دفعہ 164 کا بیان قلمبند کروایا تھا۔

بقیہ 09

اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیر اعلیٰ نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ میر سرفراز بگٹی نے سوگوار خاندان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے مرحوم کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی وفات ایک بڑا نقصان ہے اور ان کی یادیں ہمیشہ زندہ رہیں گی اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 10

جائزہ لیا گیا، جبکہ غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام اور منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا ٹریفک نظام کی بہتری، شہری صفائی ستھرائی کے انتظامات، اس کے علاوہ پی ایس ڈی پی اور BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اجلاس میں عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی، پینے کے صاف پانی کی دستیابی کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی اور متعلقہ اداروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ عوام کی مشکلات کے پائیدار حل کیلئے مزید بہتر انتظامات کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش مسائل کا فوری ازالہ ممکن ہو سکے ڈپٹی کمشنر وریجدر لعل نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کے اجلاس میں زیر بحث آنے والے تمام امور پر عملی اقدامات ناگزیر ہیں اور ان پر مؤثر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے واضح کیا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے دی گئی ذمہ داریاں محض رسمی نہیں بلکہ ان پر سنجیدگی سے عمل کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے مزید کہا کہ تمام محکمے آپس میں قریبی رابطہ، مؤثر کوآرڈینیشن اور باہمی تعاون کو فروغ دیں تاکہ سرکاری امور میں بہتری لائی جاسکے ان کا کہنا تھا کہ حکومتی پالیسیوں اور ترقیاتی اقدامات کا اصل مقصد عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے، لہذا تمام ادارے اپنی کارکردگی میں بہتری لاکر عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دیں تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں سہولیات میسر آسکیں اور حکومتی اقدامات کے مثبت اثرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں

بقیہ 11

مزید کہا کہ شہداء زیارت کی لاشوں کی بے حرمتی جعلی نام نہاد حکومت کی پالیسی ہے کہ بلوچ اور پشتون اقوام کی توہین کر کے ان کو احساس محکومی میں مبتلا کیا جائے ان حالات سے نکلنے کیلئے اس سرزمین کو طاقتور اور منظم آواز بلند کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ لاشوں کی توہین اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ بلوچستان کو نو آبادیاتی اور جعلی حکومت کے تحت چلایا جارہا ہے ایسے میں اس سرزمین کے لوگوں کو جعلی حکومت اور اس کے سرپرستوں کو ایک طاقتور پیغام دینا ہوگا کہ اس صوبے کے لوگ مزید محکومی اور جبر کو قبول نہیں کریں گے۔

بقیہ 12

بق نئے لائسنسز کے اجرا سے انٹرنیٹ سروس فراہم کرنے والے اداروں کی تعداد میں اضافہ اور صارفین کے لیے خدمات کا معیار بہتر ہونے کی توقع ہے۔ دستاویز کے مطابق رواں سال فروری میں ضلع کی سطح کا پہلا انٹرنیٹ لائسنس جاری کیا گیا، جس کے بعد مارچ 2026 میں 12 نئے ضلع سطح کے انٹرنیٹ لائسنس جاری کیے گئے۔ مئی 2026 کے دوران مزید 14 لائسنس جاری کیے گئے، جبکہ جون 2026 میں ریکارڈ 20 ضلع سطح کے انٹرنیٹ لائسنس کا اجرا کیا گیا۔ پی ٹی اے کے اعداد و شمار کے مطابق لاہور ضلع میں سب سے زیادہ 7 انٹرنیٹ کلاس لائسنس جاری کیے گئے، جبکہ سرگودھا ضلعی سطح پر انٹرنیٹ لائسنس کے اجرا کے حوالے سے دوسرے نمبر پر رہا۔ فیصل آباد اور اسلام آباد میں چار، چار ضلع سطح کے انٹرنیٹ لائسنس جاری کیے گئے۔ دستاویز کے مطابق پی ٹی اے نے ملک کے دور دراز علاقوں میں بھی انٹرنیٹ سہولیات کے فروغ کے لیے جنوبی وزیرستان اور لوئر چترال میں لائسنس جاری کیے ہیں، جس سے ان علاقوں میں ڈیجیٹل رابطوں کو وسعت دینے میں مدد ملے گی۔ پی ٹی اے کا کہنا ہے کہ ضلعی سطح پر نئے لائسنسز کے اجرا سے انٹرنیٹ سروسز کے شعبے میں مسابقت میں اضافہ ہوگا، جبکہ آخری صارف تک تیز، معیاری اور بہتر انٹرنیٹ سہولیات کی فراہمی کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 13

یفکیٹ میں میئر شیخ شیر قاضی کی مثالی قیادت، عوامی خدمت، بلدیاتی اداروں کو مؤثر بنانے، شہری سہولیات کی بہتری، اور میونسپل سروسز کی فراہمی میں نمایاں کارکردگی کو سراہا گیا ہے۔ تعریفی سرٹیفکیٹ میں ان کی خدمات بالخصوص تربت شہر میں ڈینگی کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات، بلدیاتی نظام کو مضبوط بنانے کی کاوشوں، شہری ترقی کے فروغ، اور قومی و بین الاقوامی سطح پر لوکل گورنمنٹ کی مؤثر نمائندگی کو خصوصی طور پر خراج تحسین پیش کیا گیا۔ سرٹیفکیٹ میں اس امید کا اظہار بھی کیا گیا ہے کہ میئر شیخ شیر قاضی مستقبل میں بھی عوامی خدمت، بلدیاتی نظام کی بہتری اور پائیدار شہری ترقی کے لیے اپنی خدمات اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھیں گے۔

بقیہ 14

میں 2022 کے تباہ کن سیلاب نے بے شمار خاندانوں کے گھر، املاک اور روزگار کو شدید نقصان پہنچایا۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ آج بھی بہت سے حقیقی متاثرین کے نام مکمل طور پر فہرستوں میں شامل نہیں ہو سکے اور متعدد خاندان حکومتی امداد اور گھروں کی تعمیر نو کے منتظر ہیں۔ ایسے وقت میں متاثرین کے لیے مختص فنڈز کو کسی اور مقصد کے لیے منتقل کرنے کا فیصلہ انتہائی افسوسناک اور ناقابل قبول ہے۔ حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے لیے مختص فنڈز صرف اور صرف انہی کی بحالی، گھروں کی تعمیر نو اور بنیادی ضروریات پر خرچ کیے جانے چاہئیں۔ حکومت اگر ترقیاتی منصوبے شروع کرنا چاہتی ہے تو اس کے لیے متبادل وسائل فراہم کرے، لیکن قدرتی آفات سے متاثرہ غریب عوام کے حقوق پر ہرگز سمجھوتہ نہ کرے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ اس فیصلے پر فوری نظرثانی کرتے ہوئے سیلاب متاثرین کے لیے مختص تمام فنڈز بحال کیے جائیں اور باقی ماندہ متاثرہ خاندانوں کی شفاف طریقے سے نشاندہی کر کے انہیں بھی ان کا جائز حق دیا جائے۔ ایم پی اے نوشکی نے مزید کہا کہ وہ اس اہم عوامی مسئلے کو بلوچستان اسمبلی کے فلور پر بھرپور انداز میں اٹھائیں گے اور ہر فورم پر سیلاب متاثرین کے حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ متاثرین کے حقوق کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا اور انہیں کسی صورت نظر انداز نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ 15

یوں کے جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہو جائے دہشت گردی کا سدباب نہ کر سکے اور مقتولین کے لواحقین کو انصاف فراہم کرنے کے بجائے انہیں احتجاج پر مجبور کر دے ایسی حکومت اپنی آئینی اخلاقی اور سیاسی حیثیت کھو بیٹھتی ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی مجرمانہ خاموشی بے حسی اور غیر ذمہ دارانہ طرز عمل عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے بے گناہ شہریوں کا قتل انسانی لاشوں کی بے حرمتی شہداء کے جسد خاکی کے ساتھ ناروا سلوک اور لواحقین کو دربدر انصاف کے لیے احتجاج پر مجبور کرنا ایک مہذب ریاست کے ماتھے پر بدنما داغ ہے یہ تمام واقعات اس امر کی غمازی کرتے ہیں کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور آئین کے تحت اپنی بنیادی ذمہ داریاں ادا کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ بلوچستان میں مسلح جتھوں کی کھلی سرگرمیاں دہشت گردی کے مسلسل واقعات شاہراہوں پر عدم تحفظ اور شہریوں میں بڑھتا ہوا خوف ریاستی رٹ کی کمزوری نہیں بلکہ مکمل ناکامی کا ثبوت ہیں انہوں نے کہا کہ اگر ریاست عوام کو تحفظ فراہم کرنے سے قاصر ہے تو اسے عوام پر حکمرانی کا کوئی اخلاقی یا آئینی حق حاصل نہیں رہتا انہوں نے شہداء کے لواحقین کے تمام جائز مطالبات کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی ہر فورم پر ان کی آواز بنے گی اور انصاف کے حصول تک ان کی سیاسی قانونی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گی انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی اس کٹھن گھڑی میں انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی بلکہ ہر سطح پر ان کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔

بقیہ 16

حسن اچکزئی، چیف انجینئر قلات خضدار زون عزیز اللہ کاسی چیف انجینئر سبی زون زبیر احمد کھوسہ ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پی اینڈ ڈی کے حکام اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ان اضلاع میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تحت مختلف سڑکوں سے متعلق ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا متعلقہ حکام نے منصوبوں کی فزیبلٹی تخمینہ لاگت تکنیکی پہلوؤں اور مجوزہ مدت تکمیل کے حوالے سے جامع بریفنگ دی اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر اور محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی نے مختلف نئے روڈ انفراسٹرکچر منصوبوں کے علاوہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے متعلق متعدد اسکیموں کی منظوری کی سفارش کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ منظور شدہ منصوبوں پر جلد از جلد عملی کام کے آغاز کے لیے تمام قانونی انتظامی اور تکنیکی تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں گے اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی نگرانی اور مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 17

ولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے صحبت پور کے میں احتجاجی ریلی نکالی اور مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے جماعت اسلامی پاکستان ضلع صحبت پور کے ضلعی امیر حاجی عبدالصمد کھوسہ، جماعت اسلامی بلوچستان کے سینئر رہنما رئیس اللہ ڈنہ منگریو اور جماعت اسلامی کسان بورڈ ضلع صحبت پور کے صدر محمد نصیب کھوسہ نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، پیٹرولیم مصنوعات کی مسلسل قیمتوں میں اضافہ اور بدامنی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں فوری طور پر عوام کو ریلیف فراہم کریں، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی لائیں اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ انہوں نے ضلع صحبت پور میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئے روز شہری دن دہاڑے نقد رقم، موٹر سائیکلوں اور دیگر قیمتی اشیا سے محروم کیے جارہے ہیں، جس سے عوام میں خوف وہراس بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ضلع صحبت پور کی تمام پولیس چوکیاں فوری طور پر بحال اور فعال کی جائیں تاکہ جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان ومال کا مؤثر تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 18

یس ایچ او تھانہ سٹی نے انچارج 15 مددگار کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ ہونڈا رائیڈر موٹر سائیکل (ماڈل 2015، سرخ رنگ) برآمد کر لی۔ پولیس کا کہنا تھا کہ اوستہ محمد پولیس کے مطابق برآمد شدہ موٹر سائیکل تھانہ سٹی اوستہ محمد کے درج ذیل مقدمہ میں چھینی گئی تھی۔ موٹر سائیکل کی برآمدگی کے بعد مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔

بقیہ 19

جاں بحق اور زخمیوں کو مزید علاج کیلئے سول اسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کیا گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثہ بختیار آباد کے قریب قومی شاہراہ پر اس وقت پیش آیا جب کوئٹہ سے ساہیوال جانے والی ایک کار ٹریکٹر سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں حنا بی بی اور ان کا بیٹا عبدالہادی موقع پر جاں بحق ہو گئے، جبکہ پانچ بچوں سمیت چھ افراد زخمی ہوئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق اور زخمی ہونے والے تمام افراد کا تعلق ساہیوال، پنجاب کے ایک ہی خاندان سے ہے۔ زخمیوں کو فوری طور پر ریسکیو ٹیموں نے طبی امداد فراہم کرتے ہوئے قریبی اسپتال منتقل کر دیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے پولیس کے مطابق حادثے کے بعد ٹریکٹر ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا، جس کی تلاش شروع کر دی گئی ہے، جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات بھی جاری ہیں۔

بقیہ 20

شتہ برسوں کے دوران بارشوں کے باعث پیدا ہونے والی ممکنہ سیلابی صورتحال اور اس سے نمٹنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ آئندہ مون سون سیزن میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی پر غور کیا گیا

بقیہ 21

جدوجہد قربانیاں اور فکر پوری قوم کی مشترکہ امانت ہیں، جن کی حفاظت، ترویج اور تکمیل ہماری قومی و سیاسی ذمہ داری ہے۔ نیشنل پارٹی شہداء کے مشن کی تکمیل اور قومی حقوق کی جدوجہد کو خون کے آخری قطرے تک جاری رکھے گی۔ بیان میں کہا گیا کہ شہید مولا بخش دشتی کی سیاسی بصیرت و دانش اور دوراندیشی کا اعتراف ان کے نظریاتی مخالفین بھی کرتے رہے ہیں۔ شہید مولا بخش دشتی حقیقت پر یقین رکھتے تھے کہ بلوچ قوم کے قومی وسائل اور سرزمین کا تحفظ صرف باشعور منظم اور جمہوری سیاسی عمل کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ ان کے نزدیک قومی تحریک کی کامیابی عوام کی فعال سیاسی شرکت تنظیم سازی اور اجتماعی جدوجہد سے وابستہ تھی۔ علی احمد لانگو نے کہا کہ شہید مولا بخش دشتی سمیت قومی شہداء کی فکری تسلسل کو مزید منظم، مضبوط اور عوامی بنیادوں پر استوار کرنا ہر باشعور سیاسی کارکن اور قومی ذمہ داری کا احساس رکھنے والے فرد کا فرض ہے۔ یہی شہداء کی قربانیوں کا حقیقی احترام اور ان کے خوابوں کی تعبیر ہے۔

بقیہ 22

چستان کے سنگین مسائل کو وہ اہمیت نہیں دے رہی جس کے یہ متقاضی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اس وقت دہشت گردی، بدامنی اور مختلف افسوسناک واقعات کی لپیٹ میں ہے، جبکہ متعدد علاقوں میں متاثرہ خاندان انصاف اور دادرسی کے لیے دھرنے دیے بیٹھے ہیں۔ ایسے حالات میں وزیراعظم کو محض اجلاسوں تک محدود رہنے کے بجائے متاثرین کے درمیان جاکر ان کے دکھ درد بانٹنے اور ان کے حوصلے بلند کرنے چاہیے تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے ہنہ اوڑک کے متاثرین کے دھرنے میں جاکر ان سے ملاقات کرنا اور ان کے مسائل سننا ایک مثبت اور قابل تحسین اقدام ہے، جس سے متاثرہ خاندانوں کو یہ احساس ہوا کہ حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہی طرز عمل وفاقی قیادت کو بھی اختیار کرنا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ صرف دعوؤں، بیانات، اجلاسوں اور رسمی دوروں سے بلوچستان میں امن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے لیے عملی اقدامات، عوامی رابطہ، متاثرین کی دادرسی، انصاف کی فراہمی اور عوام کا اعتماد بحال کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے حالیہ رویے نے بلوچستان کے عوام میں مزید بے چینی اور اشتعال پیدا کیا ہے، جس کے منفی اثرات مستقبل میں سامنے آسکتے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کے عوام کے تحفظات کو سنجیدگی سے لے، دہشت گردی سے متاثرہ خاندانوں کی فوری دادرسی کرے، امن وامان کے قیام کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کرے اور صوبے کے عوام کو یہ یقین دلائے کہ وفاق ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑا ہے۔

بقیہ 23

منتقل کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی سربراہی میں ضلعی سطح کی ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ کمیٹی کا پہلا باضابطہ اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کی زیر صدارت ڈی سی آفس اوتھل میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں حکومت کے احکامات کی روشنی میں درج ذیل امور پر تفصیلی غور کیا گیا: محکمہ زکوٰۃ کے تمام سرکاری اثاثہ جات اور پراپرٹی کی بورڈ آف ریونیو کو باقاعدہ حوالگی گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک کے ملازمین * کی محکمہ مال میں منتقلی اور ان کے نئے انتظامی طریقہ کار کو حتمی شکل دینا شامل تھا اجلاس میں ضلعی کمیٹی کے ارکان سوشل ویلفیئر آفیسر عبدالصمد رونجھو، محکمہ زکوٰۃ کے سپرنٹنڈنٹ محمد رفیق رونجھو، اسسٹنٹ خزانہ آفیسر محمد انور رونجھو اور ڈی سی آفس کے سپرنٹنڈنٹ سلیم اللہ رونجھو نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج احمد بلوچ نے ہدایت جاری کی کہ _ حکومت بلوچستان کے احکامات کے مطابق اثاثہ جات کے ریکارڈ اور ملازمین کے کوائف کی منتقلی کے عمل کو شفاف، مربوط اور تیز رفتار بنایا جائے تاکہ انتظامی امور میں کسی قسم کا تعطل پیدا نہ ہو۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ منتقلی کا عمل مقررہ مدت میں مکمل کر کے رپورٹ بورڈ آف ریونیو بلوچستان کو ارسال کی جائے گی۔

بقیہ 24

ایڈوکیٹ امان اللہ حریفال نے شہید امن مولانا خانزیب کی پہلی برسی اور شہید پشتون خواوطن ہارون بلور کی آٹھویں برسی کے موقع پر انہیں ان کی سیاسی قومی، وطنی، دینی، علمی اور ادبی خدمات پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین وخراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید مولانا خانزیب کی پوری زندگی حق گوئی جمہوری اقدار قومی شعور امن رواداری اور عوامی خدمت کے لیے وقف رہی شہید مولانا خانزیب ایک باوقار مذہبی سکالر صاحب مطالعہ محقق مدبر سیاست دان اور عوام کی حقیقی آواز تھے اسی طرح شہید ہارون بلور ایک نڈر بہادر سیاسی کارکن تھے

بقیہ 25

ت میں زراعت کے شعبے کی ترقی، جدید تحقیقی طریقوں اور زمینداروں کی فلاح وبہبود کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران دونوں ڈپٹی ڈائریکٹرز نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ضلع میں زراعت کی ترقی اور پیداوار میں اضافے کے لیے دونوں محکموں کا باہمی تعاون انتہائی ناگزیر ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ وہ مل کر زمینداروں اور کسانوں کے مسائل حل کرنے اور انہیں جدید زرعی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کریں گے ملاقات میں حکومت کے اہم اقدام کسان کارڈ کے حوالے سے بھی خصوصی گفتگو ہوئی۔ افسران نے اس بات پر زور دیا کہ زمینداروں کو اس کارڈ کی افادیت، رجسٹریشن کے طریقہ کار اور اس سے ملنے والی سبسڈیز و دیگر سہولیات کے بارے میں بھرپور معلومات فراہم کی جائیں افسران کا موقف تھا کسان کارڈ کسانوں کی معاشی حالت بہتر بنانے اور انہیں بیج، کھاد اور دیگر زرعی مداخل پر ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایک انقلابی قدم ہے۔ زراعت کا عملہ فیلڈ میں جاکر کسانوں کو اس کارڈ کے فوائد سے آگاہ کرے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ زمیندار اس سے مستفید ہو سکیں ملاقات کے اختتام پر زراعت اسٹاف نے بھی اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ افسران بالا کی ہدایت پر کسانوں کی رہنمائی اور ضلع میں زرعی انقلاب کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 26

ہوتوالے کارکنوں وحافظوں کی خیریت دریافت کی نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے واقعے کے متاثرین کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل خضدار میر اقبال مینگل نے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری کو حملے اور نقصانات کی تفصیلات اور حملے کے بعد کی صورتحال سے آگاہ کیا صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے گفتگو کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی اور کہا کہ گھروں پر حملے بلوچ روایات اور اقدار کے منافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی یا نظریاتی اختلاف کی بنیاد پر کسی کو نقصان پہنچانا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں اور نہ ہی یہ سیاسی رویوں کا حصہ ہے انہوں نے کہا کہ خضدار اور جھالاوان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے حکومت اور متعلقہ ادارے اقدامات کر رہے ہیں، تاہم بعض عناصر علاقے کے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ ایسی قوتوں کو اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا اور علاقے کے امن وامان کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رہیں گے۔

بقیہ 27

کی کوششوں میں یہ ایک اہم سنگ میل ہے، جو ملک میں ڈیجیٹل سہولیات کی دستیابی اور حکومتِ پاکستان کے ڈیجیٹل پاکستان وژن کے فروغ میں معاون ثابت ہوگا۔ اپنے مسلسل توسیع پذیر فائبر نیٹ ورک کی بدولت پی ٹی سی ایل فلیش فائبر گھریلو صارفین، کاروباری اداروں، گیمرز، سوشل میڈیا تخلیق کاروں، طلبہ اور اپنی روزمرہ کی سرگرمیوں کے لیے تیز رفتار، مستحکم اور بلاتعطل انٹرنیٹ پر انحصار کرنے والے تمام پیشہ ور افراد کے لیے براڈ بینڈ کی اولین ترجیح بن چکا ہے۔ پی ٹی سی ایل فلیش فائبر کی نیٹ ورک کارکردگی کی آزادانہ طور پر بھی توثیق کی گئی ہے۔ انٹرنیٹ ٹیسٹنگ اور نیٹ ورک انٹیلی جنس کے معتبر عالمی ادارے، اوکلا (Ookla) نے پی ٹی سی ایل کو دو ممتاز اعزازات سے نوازا ہے، جن میں پاکستان کا بہترین فکسڈ نیٹ ورک اور بہترین آئی ایس پی گیمنگ تجربہ (Gaming Best ISP Experience) شامل ہیں۔ یہ اعزازات اوکلا کی اسپیڈ ٹیسٹ کنیکٹیویٹی رپورٹ کے تحت نیٹ ورک کی کارکردگی اور صارفین کے تجربے کے جامع جائزے کی بنیاد پر دیے گئے، جنہوں نے ملک بھر میں اعلیٰ معیار کی نیٹ ورک کارکردگی، کم تعطل اور بہتر ڈیجیٹل تجربے کی فراہمی کے حوالے سے پی ٹی سی ایل کے قائدانہ کردار کو مزید مستحکم کیا۔ یہ حالیہ کامیابی پاکستان کی ترقی کرتی ہوئی ڈیجیٹل معیشت کے ساتھ قابل اعتماد فائبر براڈ بینڈ کی بڑھتی ہوئی طلب کی بھی عکاسی کرتی ہے۔ ریموٹ ورک، آن لائن تعلیم، ڈیجیٹل تفریح، کلاؤڈ ایپلی کیشنز اور مسابقتی گیمنگ سمیت مختلف شعبوں میں پی ٹی سی ایل فلیش فائبر ایسی بلاتعطل کنیکٹیویٹی فراہم کر رہا ہے جو ملک کی بڑھتی ہوئی ڈیجیٹل امنگوں کو تقویت دے رہی ہے۔ اس اہم کامیابی پر اظہار خیال کرتے ہوئے، صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر، پی ٹی سی ایل، محمد ندیم خان نے کہا، "یہ سنگ میل پی ٹی سی ایل فلیش فائبر پر لاکھوں صارفین کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر ہے۔ پاکستان میں ڈیجیٹل ضروریات مسلسل بڑھ رہی ہیں، اور ہم اپنے فائبر نیٹ ورک کو مزید وسعت دینے، جدید ترین نیٹ ورک انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری جاری رکھنے، اور ایسا اعلیٰ معیار کا براڈ بینڈ تجربہ فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں جو ملک بھر میں افراد، کاروباری اداروں اور کمیونیٹیز کو بااختیار بنا سکے۔" اب تک پی ٹی سی ایل فلیش فائبر ملک بھر کے 78 شہروں میں دستیاب ہے اور لاکھوں پاکستانیوں کو قابل اعتماد فائبر کنیکٹیویٹی فراہم کر رہا ہے۔ اس کے صارفین کی تعداد میں مسلسل اضافہ پی ٹی سی ایل کی جانب سے جدید ترین نیٹ ورک انفراسٹرکچر، سروس کی قابل اعتماد کارکردگی اور صارفین کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل سرمایہ کاری کا عکاس ہے، جس کے نتیجے میں صارفین بلاتعطل اعلیٰ کارکردگی پر مبنی براڈ بینڈ کنیکٹیویٹی سے مستفید ہو رہے ہیں۔

بقیہ 28

سماجی حقیقتوں، فرسودہ رسم و رواج اور انسانی باطن کے کرب کو نہایت منفرد اور دل کو چھو لینے والے انداز میں قلم بند کیا گیا ہے۔ یہ ایک ایسی کہانی ہے جو قاری کو اپنے اندر جھانکنے اور احساسات کے سفر پر لے جانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ مصنف نے کرداروں کی نفسیات اور معاشرتی مسائل کو گہرائی اور مہارت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ ادبی حلقوں نے ناول کی اشاعت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ کتاب نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں قارئین کی توجہ حاصل کرے گی اور ادب کے میدان میں اپنی ایک الگ پہچان بنائے گی۔ واضح رہے کہ محمد اسلم آزاد کا پہلا ناول "خاموش محبت" بھی شائع ہو چکا ہے جسے قارئین میں خاصی پذیرائی ملی تھی۔ ناشر کے مطابق "میرون ڈائری" کوئٹہ سمیت مختلف شہروں میں دستیاب ہے جبکہ کتاب کی تقریب رونمائی جلد منعقد کی جائے گی، جس کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

بقیہ 29

یکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری، ایس ڈی او سی اینڈ ڈبلیو صادق مگسی، انجینئر ظفر مری، انجینئر خواجہ مری سمیت دیگر ضلعی افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ آئی ٹی ہب کے قیام سے ضلع کوہلو کے نوجوانوں کو جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم اور عملی تربیت کے بہتر مواقع میسر آئیں گے، جس سے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ منصوبہ تین کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنا اور انہیں ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر روزگار کے بہتر مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ شرکا نے اس منصوبے کو ضلع کوہلو میں نوجوانوں کی فنی و تکنیکی ترقی کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس سے علاقے میں آئی ٹی کے شعبے کو فروغ ملے گا اور نوجوانوں کے لیے ترقی کے نئے دروازے کھلیں گے۔ تقریب میں موجود شرکا نے کہا کہ ایکسین سی اینڈ ڈبلیو انجینئر محبت مری کی مسلسل محنت، نگرانی اور دلچسپی کے باعث یہ منصوبہ بروقت پایہ تکمیل تک پہنچا، جس سے ضلع کے نوجوان جدید آئی ٹی سہولیات سے مستفید ہو سکیں گے۔

بقیہ 30

غم میں برابر کا شریک ہے اور مشکل کی اس گھڑی میں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ سعودی سفارتخانے نے حادثے میں جان کی بازی ہارنے والے عملے کے اہلخانہ سے دلی تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب سوگوار خاندانوں کے غم کو محسوس کرتا ہے اور ان کے دکھ میں برابر کا شریک ہے۔ سفارتخانے نے جاں بحق افراد کے لیے دعائے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہنے کی مضبوط روایت پر استوار ہیں۔ سعودی عرب اس المناک حادثے کے بعد پاکستانی عوام کے ساتھ اپنی مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور متاثرہ خاندانوں کے غم میں ان کے ساتھ ہے۔ سعودی سفارتخانے نے امید ظاہر کی کہ پاکستانی قوم اس سانحے کا صبر، حوصلے اور یکجہتی کے ساتھ سامنا کرے گی اور جاں بحق افراد کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 31

ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ آپریشن "شعبان" کی کامیابی اس حقیقت کا واضح ثبوت ہے

بقیہ 32

ہے یہاں کے عوام انتہائی غربت کی زندگی گزار رہے ہیں اس حالت میں بینکوں میں ٹیکس دینا ناگزیر ہے اور نہ ہی ہم ٹیکس دیں گے لہذا حکومت کو چاہیے کہ اس قسم کے فیصلے کو واپس لیا جائے۔

بقیہ 33

ں میں صحبت پور کے ڈی ایچ او کی مدعیت پر سینئر صحافی حوران خان جھکرانی عبدالغفار سومرو پر جھوٹے مقدمات اندراج کیا گیا ہے ہم اس جھوٹے مقدمات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس جھوٹے مقدمہ کی صاف شفاف انکوائری کی جائے ان خیالات کا اظہار صحافی اتحاد صحبت پور کے سینئر صحافی عطا محمد کھوسہ علی دوست بگٹی صفدر علی کھوسہ محمد فاروق بھنگر نے مشترکہ بیان میں کہا کہ صحبت پور ضلع میں سچ لکھنا ایک جرم بن گیا ہے اگر صحافی برادری یا سوشل ورکرز نے جب بھی مختلف محکموں کے افسران کی کرپشن ظاہر کیا تو انکے خلاف جھوٹے مقدمات بنا کر آواز کو دبانے کی کوشش کی گئی ہے

بقیہ 34

ل گراؤنڈ سے چوری ہونے والا سامان برآمد کر لیا اور تین ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق تھانہ خالق آباد کی حدود میں واقع نیو کمپلیکس میں زیر تعمیر فٹسال گراؤنڈ سے نامعلوم افراد تعمیراتی سامان چوری کر کے فرار ہو گئے تھے۔ مخبر خاص کی اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے چوری میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ فٹسال گراؤنڈ کا کارپٹ اور دیگر تعمیراتی سامان برآمد کر لیا گیا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ خالق آباد میں ایف آئی آر نمبر 11/2026 درج کر کے تعزیرات پاکستان کی دفعات 380 اور 34 کے تحت مقدمہ قائم کر دیا گیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے خالق آباد پولیس کی بروقت اور مؤثر کارروائی کو سراہتے ہوئے پولیس ٹیم کی کارکردگی کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رہیں گی تاکہ ضلع قلات میں امن وامان کی فضا کو مزید مستحکم بنایا جاسکے۔

بقیہ 35

ہوئے شہداء زیارت اور ہنہ اوڑک کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان ہر ظلم کیخلاف ہر مظلوم کیساتھ ہیں انہوں نیکہا کہ چندون پہلے ہنہ اوڑک کا سانحہ رونما ہوا اتفاق تک لاشوں سمیت بی مال کیسامنے دھرنا دیں سراپا احتجاج رہا اس کیساتھ زیارت ہوا زیارت کراس پر زیارت عوام لاشیں سمیت سراپا احتجاج تھے حکومت نیا پریشن کیا تھیک پریس کانفرنس ختم ہو تھیں تھی وزیر اعلیٰ نے زیارت کراس شہدا کو تحفظ کی یقین دھانی کرا، کہ مزید کیس پولیس کیا لاشیں اور اوروہ کوئلہ پھاٹک پر دھرنا دیکر انصاف چاہتے ہیں

بقیہ 36

یوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرول کی قیمت میں فوری کمی کی جائے۔ صحافیوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے غریب اور متوسط طبقے کی کمر توڑ دی ہے۔ مہنگے پٹرول کی وجہ سے ٹرانسپورٹ کے کرایے، اشیا خوردونوش اور بجلی کے بل آسمان سے باتیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی آئی ہے، لہٰذا اس کا ریلیف عوام کو دیا جائے۔ حکومت نے بروقت پٹرول سستا نہ کیا تو عوام سڑکوں پر نکلنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ اس موقع پر "امیر جماعت اسلامی صحبت پور عبدالصمد کھوسہ، علی احمد کھوسہ، محمد سلیم بنگلزئی" اور دیگر معززین ارکان جماعت کے ساتھ ساتھ کسان بورڈ صحبت پور کے صدر محمد نصیب کھوسہ نے بھی گفتگو کی رئیس اللہ ڈنہ منگریو نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی ہر فورم پر عوام کے حقوق کے لیے آواز اٹھاتی رہے گی۔ اور شہر میں حقوق عوام کے لیے بھی کوشاں رہیں گی شہریوں کو پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں پانی عوام کا بنیادی حق ہے جو کہ سرکار کی ذمہ داری بنتی ہے بدامنی کرپشن لوٹ کھسوٹ کے روک تھام کا مطالبہ کرتے ہوئے مزید انہوں نے کہا کہ حق سچ لکھنے والے صحافیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 37

اجلاس میں DSO عبدالروف، IHHN ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر مجیب الرحمان، PPHI کے M&E آفیسر عمران بزدار، DSV گل داد، WHO کے TSA نعمت اللہ، IHHN کے M&E آفیسر احسان لاشاری، DSEO محب اللہ، ASV شیر زمان سمیت ضلع بھر کے تمام ویکسینیٹرز نے شرکت کی اجلاس میں بچوں کی ویکسینیشن کوریج، زیرو ڈوز بچوں اور ڈراپ آؤٹ کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ویکسینیٹرز کو ہدایت کی گئی کہ زیرو ڈوز بچوں کی فوری نشاندہی کریں اور انہیں بروقت حفاظتی ٹیکے لگانے کو ترجیح دیں اجلاس میں گزشتہ ماہ کی کوریج، خامیوں اور مسائل پر گفتگو ہوئی۔ اس کے علاوہ زیرو ڈوز اور ڈیفالٹر بچوں کی صورتحال، NEIR ایپ پر حاضری، بچوں کے اندراج، اسٹاک اسٹیٹس اور پولیو کوریج پر بھی بات کی گئی۔ مزید ہدایت دی گئی کہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ویکسینیشن کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے ٹیم ورک اور محنت بڑھائی جائے۔ ڈیٹا کی درستگی یقینی بنائی جائے اور تمام رپورٹس بروقت مکمل جمع کروائی جائیں اجلاس میں کمیونٹی میں حفاظتی ٹیکہ جات کی اہمیت پر مؤثر آگاہی پیدا کرنے پر بھی زور دیا گیا تاکہ والدین کا اعتماد بڑھے اور ضلع میں کوریج میں اضافہ ہو سکے اجلاس کے اختتام پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ذوکی نے تمام ویکسینیٹرز کو ہدایت کی کہ دی گئی ہدایات پر مکمل عمل کریں، زیرو ڈوز اور ڈیفالٹر بچوں کو ترجیحی بنیادوں پر کور کریں اور ضلع موسیٰ خیل میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بہتر بنانے کے لیے بھرپور محنت کریں۔

بقیہ 38

نیا بھر میں امن، استحکام اور مذاکرات کی باتیں کرنے والے حکمران بدقسمتی سے اپنے ہی ملک میں بڑھتی ہوئی بدامنی، دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش سنگین امن وامان کے بحران کا مستقل اور پائیدار حل اس وقت تک ممکن نہیں جب تک عوام کی حقیقی نمائندہ اور عوامی قوت رکھنے والی سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لے کر قومی اتفاق رائے پیدا نہیں کیا جاتا۔ رہنماں نے کہا کہ جعل سازی، دھاندلی اور فارم 47 جیسے متنازع طریقوں کے ذریعے مسلط کیے گئے غیر معروف نمائندے نہ عوام کا اعتماد رکھتے ہیں اور نہ ہی قومی مسائل کے حل کی صلاحیت، اسی وجہ سے حکومت ہر محاذ پر ناکامی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کے باعث ملک میں عدم استحکام، بے چینی اور بدامنی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جو درحقیقت حکومتی نااہلی اور ناکام حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوامی مینڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے حقیقی عوامی قیادت کو قومی فیصلوں میں شریک کیا جائے، کیونکہ ملک میں دیرپا امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کا راستہ صرف عوام کے اعتماد اور آئینی وجمہوری اصولوں سے ہو کر گزرتا ہے۔

بقیہ 39

یں ملک کے بالائی علاقوں میں مسلسل داخل ہو رہی ہیں جبکہ ہفتہ کے روز ایک مغربی موسمی سلسلہ بالائی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان ہے۔ اس کے زیر اثر 11 اور 12 جولائی 2026 کے دوران ژوب، شیرانی، کوہلو، دکی، ہرنائی، لورالائی، بارکھان، موسیٰ خیل، خضدار، ڈیرہ بگٹی اور ملحقہ علاقوں میں کہیں کہیں بارش، آندھی اور گرج چمک متوقع ہے۔ پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ تیز ہواؤں اور گرج چمک کے باعث بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز، سولر پینلز، درختوں اور دیگر کمزور ڈھانچوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس دوران بعض مقامات پر آسمانی بجلی گرنے کا بھی امکان ہے۔ کسانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی زرعی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی تازہ ترین موسمی پیشگوئی کو مدنظر رکھتے ہوئے کریں۔ متوقع موسمی نظام کے باعث موجودہ گرم اور مرطوب موسم میں کمی آنے کی توقع ہے۔ عوام الناس سے اپیل کی جاتی ہے کہ شدید بارش اور تیز ہواؤں کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کریں، کمزور عمارتوں، بجلی کے کھمبوں اور درختوں سے دور رہیں اور اپنی حفاظت کے لیے تمام ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان نے تمام ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز (DDMAs) اور متعلقہ اداروں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ ہائی الرٹ رہیں، ہنگامی ردعمل کے انتظامات کو فعال رکھیں، موسمی صورتحال کی مسلسل نگرانی کریں اور تمام صورتحال سے متعلق رپورٹس واپ ڈیٹس فوری طور پر صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر (PEOC) کو ارسال کریں۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ صرف مستند ذرائع سے موسمی معلومات حاصل کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال کی اطلاع فوری طور پر پی ڈی ایم اے کی 24/7 ایمرجنسی ہیلپ لائن 1129 پر دیں۔

بقیہ 40

جانب سے بس پر پتھراؤ بھی کیا گیا، جس کے نتیجے میں بس کے دو شیشے ٹوٹ گئے۔ خوش قسمتی سے کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ سی ایریا میں کافی عرصے سے اس نوعیت کی وارداتیں سامنے آرہی ہیں، جس کے باعث مسافروں اور شہریوں میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ عوام نے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ سی ایریا میں گشت بڑھایا جائے، ملزمان کے خلاف موثر کارروائی عمل میں لائی جائے اور قومی شاہراہ پر سفر کرنے والے مسافروں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 41

کے ساتھ مسلسل رابطے میں تھے اور مسئلے کے پرامن، باوقار اور دیرپا حل کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں اور ان کے بزرگوں سے ان کا باہمی عزت و احترام پر مبنی دیرینہ تعلق ہے جو آئندہ بھی برقرار رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہمیشہ اپنی عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرتے رہیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد نہتے اور بے گناہ شہریوں کو بے دردی سے شہید کرتے، خاندانوں کو اجاڑتے اور معصوم بچوں کو یتیم کرتے ہیں، جبکہ ساتھ ہی ریاستی اداروں کے خلاف جھوٹا اور گمراہ کن پروپیگنڈا کر کے عوام اور ریاست کے درمیان بداعتمادی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہی ریاستی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر روز اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی وقت پاکستان کے بہادر جوان وطن کے دفاع میں عظیم قربانیاں دے رہے ہیں۔ لسبیلہ میں شہید ہونے والے پاک فوج کے جوان بھی کسی کے بیٹے، کسی کے شوہر اور کسی خاندان کی امید تھے، جنہوں نے بلوچستان اور پاکستان کے امن، عوام کے تحفظ اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کے خلاف بین الاقوامی سطح پر مختلف سازشیں کی جا رہی ہیں۔ ایک سازش دہشت گردی، تشدد اور قتل و غارت کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنا ہے جبکہ دوسری سازش انہی جرائم کا الزام ریاستی اداروں پر عائد کر کے عوام کو گمراہ کرنا ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ دشمن کے جھوٹے بیانیے اور منفی پروپیگنڈے سے مکمل طور پر ہوشیار رہیں اور کسی بھی ایسی مہم کا حصہ نہ بنیں جس کا مقصد قومی اداروں کو کمزور کرنا ہو۔ وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ اگر حکومت کی جانب سے کسی بھی سطح پر کوئی کوتاہی یا غلطی ہوئی ہے تو اسے تسلیم کرتے ہوئے اس کا ازالہ کیا جائے گا اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن دادرسی یقینی بنائی جائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بلوچستان ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں وزیر اعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی موجودگی میں اہم فیصلے کیے گئے ہیں جن پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بطور وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف بگٹی وہ متاثرہ خاندانوں سے کیے گئے تمام وعدوں کی تکمیل کے پابند ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ شہداء کے ورثا کو مالی معاوضہ فراہم کیا جائے گا، اہل خانہ کو سرکاری ملازمتیں دی جائیں گی جبکہ شہداء کے بچوں کی تعلیم کے تمام اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اور ریاست دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنانا حکومت، عوام اور تمام ریاستی اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند کے مطابق دھرنا کمیٹی کے ساتھ ہونے والے مذاکرات کامیاب رہے، جس کے بعد دھرنا کمیٹی اور شہداء کے لواحقین نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی یقین دہانیوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے دھرنا ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔

بقیہ 42

ل پارٹیز کانفرنس بلانے اور متاثرہ عوام کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کی ضرورت پر بھی زور دیا، جبکہ اسلام آباد میں ترقیاتی منصوبوں اور سی ڈی اے کی کارکردگی پر بھی سخت تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس چیئرمین راجہ خرم نواز کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں بلوچستان میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات، امن و امان کی صورتحال اور اسلام آباد میں ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں کمیٹی اراکین نے بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ اراکین کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے قومی سطح پر مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ رکن کمیٹی اعجاز الحق نے بلوچستان کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال پر ان کیمرہ بریفنگ لینے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اراکین کو زمینی حقائق سے مکمل طور پر آگاہ کیا جانا چاہیے تاکہ مؤثر سفارشات مرتب کی جاسکیں۔ نبیل گبول نے آئندہ اجلاس بلوچستان میں منعقد کرنے کی سفارش کی تاکہ کمیٹی صورتحال کا براہ راست جائزہ لے سکے۔ رکن کمیٹی آغا رفیع اللہ نے کہا کہ بلوچستان میں نہ بلوچ محفوظ ہیں اور نہ پشتون، اس لیے پارلیمنٹ کو عوام کے درمیان جاکر یہ پیغام دینا چاہیے کہ پوری ریاست اور پارلیمان ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوارج کا کسی قوم، نسل یا قبیلے سے تعلق نہیں بلکہ وہ صرف قومی یکجہتی اور امن کے دشمن ہیں۔ انہوں نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے بعض علاقوں میں مسلح عناصر کھلے عام گھوم رہے ہیں، جو سیکیورٹی اداروں اور حکومت کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ رکن کمیٹی خوشحال خان نے کہا کہ دہشت گرد عوام میں خوف وہراس پیدا کرنے کے لیے افواہیں پھیلاتے ہیں اور لوگوں کو یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ ان کے عزیزوں کی لاشیں پڑی ہیں، جس سے بے چینی اور اضطراب میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کوئٹہ میں سات ہزار افراد پر مشتمل امن فورس کا بھی ذکر کیا اور امن وامان کی بحالی کے لیے مربوط اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے تجویز دی کہ بلوچستان کی صورتحال کو بہتر انداز میں سمجھنے اور متعلقہ حکام سے براہ راست بریفنگ لینے کے لیے کمیٹی کا آئندہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد کیا جائے۔ کمیٹی کے تمام اراکین نے اس تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے اسے عملی جامہ پہنانے کی منظوری دے دی۔

مسلسل واقعات شاہراہوں پر عدم تحفظ اور شہریوں میں بڑھتا ہوا خوف ریاستی رٹ کی کمزوری نہیں بلکہ مکمل ناکامی کا ثبوت ہیں

اے این پی اس کٹھن گھڑی میں شہداء کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑے گی، اصغر خان اچکزئی

جسد خاکی کے ساتھ ناروا سلوک اور لواحقین کو دربدر انصاف کیلئے احتجاج پر مجبور کرنا ایک مہذب ریاست کے ماتھے پر بدنما داغ ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے پارٹی کے ایک اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ کوئٹہ پھاٹک اور بی اے مال کے سامنے شہدا ہنہ اوڑک اور شہدا زیارت کے لواحقین کی جانب سے جاری احتجاجی دھرنے میں شرکت کی اور متاثرہ خاندانوں سے اظہار یکجہتی کیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اصغر خان اچکزئی نے وفاقی و صوبائی حکومتوں کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ جو ریاست اپنے شہر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

بابر خان کی زیر صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا اہم اجلاس

تمام قانونی انتظامی اور تکنیکی تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محکمہ مواصلات وتعمیرات بابر خان کی زیر صدارت ڈپارٹمنٹل سب کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع خضدار ضلع مستونگ ضلع نوشکی اور ضلع سبی میں محکمہ کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا واضح رہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کے خصوصی ہدایات اور سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کے زیرنگرانی روزانہ کی بنیاد پر ڈی ایس سی کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ صوبے ان اسکیموں کو جلد از جلد شروع کیا جائے اجلاس میں چیف انجینئر خاران مکران زون طفیل لر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

میئر تربت کو عوامی خدمات اور بلدیاتی نظام کی مضبوطی کیلئے نمایاں کردار ادا کرنے پر تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازدیا

تربت (خ ن) حکومت بلوچستان کے محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ کے سیکرٹری عبدالرؤف بلوچ نے میونسپل کارپوریشن تربت کے میئر بلخ شیر قاضی کو عوامی خدمات اور بلدیاتی نظام کی مضبوطی کے لیے نمایاں کردار ادا کرنے پر تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازدیا۔ سر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

سیلاب متاثرین کے فنڈز کو ترقیاتی منصوبوں میں منتقل کرنا ناقابل قبول ہے، غلام دستگیر بادینی

حقیقی متاثرین کے نام مکمل طور پر فہرستوں میں شامل نہیں ہو سکے اور متعدد خاندان حکومتی امداد اور گھروں کی تعمیر نو کے منتظر ہیں

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 2022 کے تباہ کن سیلاب نے بے شمار خاندانوں کے گھر، املاک اور روزگار کو شدید نقصان پہنچایا

نوشکی (آن لائن) رکن بلوچستان اسمبلی حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے حکومت کی جانب سے 2022 کے سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر نو کے لیے مختص فنڈز کو دیگر ترقیاتی منصوبوں کی طرف منتقل کرنے کی اطلاعات پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ سیلاب سے متاثرہ ہزاروں خاندانوں کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع نوشکی سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

بلوچستان کو نوآبادیاتی اور جعلی حکومت کے تحت چلایا جا رہا ہے، لشکری رئیسانی

سینئر سیاست دان کی شہداء زیارت کی لاشوں کی بے حرمتی، لواحقین سے توہین آمیز رویہ کی مذمت

سرزمین کے لوگوں کو جعلی حکومت اور اس کے سرپرستوں کو ایک طاقتور پیغام دینا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے شہداء زیارت کی لاشوں کی بے حرمتی، لواحقین سے توہین آمیز رویہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات سے نکلنے کیلئے بلوچ، پشتون اقوام، صوبے میں آباد برادریاں منظم اور طاقتور آواز بلند کریں۔ اپنے ایک بیان میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

حکومتی پالیسیوں اور ترقیاتی اقدامات کا اصل مقصد عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد، وریدہ رحمٰن کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام ضلعی محکموں کے سربراہان کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلع میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

حکومت پولیس ملازمین کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے عوام کے تحفظ کو کیسے یقینی بنا سکتی ہے، بات چیت

بلوچ اور پشتون قبائل کو مل بیٹھ کر دہشتگردی کے خلاف فیصلہ کرنا ہوگا، نوابزادہ گہرام بگٹی

آئے روز فورسز کے جوانوں، آفیسران اور شہریوں کی قتل و غارت گری اور بدامنی عروج پر ہے، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی صدر اور سابق صوبائی وزیر برائے لیبر اینڈ مین پاور نوابزادہ گہرام بگٹی نے ہنہ اڑک اور زیارت میں دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں اور شہریوں کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت پولیس ملازمین کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے عوام کے تحفظ کو کیسے یقینی بنا سکتی ہے اس لئے اب بلوچ اور پشتون قبائل کو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

پی ٹی اے نے 2026 میں ضلعی سطح پر انٹرنیٹ سروسز کے 47 کلاس لائسنس جاری کر دیے

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں انٹرنیٹ سروسز کی توسیع اور ڈیجیٹل رابطوں کو بہتر بنانے کے لیے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے رواں سال ضلعی سطح پر انٹرنیٹ سروسز کے 47 کلاس لائسنس جاری کر دیے ہیں۔ پی ٹی اے کی دستاویزات کے مطا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

عبدالرزاق نجک کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ڈاکیان کا دورہ

بچوں کی ذہنی نشوونما کیلئے کھیل کود اور ہم نصابی سرگرمیوں کو بھی تعلیمی عمل کا حصہ بنائیں

موسیٰ خیل (خ ن) ضلع موسیٰ خیل میں تعلیمی ماحول کو سازگار اور پروان چڑھانے کے عزم کے ساتھ، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجک نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ڈاکیان کا خصوصی دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد نہ صرف تعلیمی نظام کی مانیٹرنگ تھا بلکہ سکول کے ننھے طلبا کی حوصلہ افزائی کرنا بھی تھا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ایک مثالی سربراہ کی طرح سکول کے ننھے منے طلبا کے ساتھ وقت گزارا۔ انہوں نے بچوں سے نہ صرف شفقت سے مصافحہ کیا بلکہ ان کی کلاسوں میں جا کر ان سے سبق سنے اور ان کی تعلیمی سرگرمیوں پر بات چیت کی۔ ڈپٹی کمشنر کو اپنے درمیان موجود پا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

حکومت سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ہر ممکن سہولت فراہم کر رہی ہے، بلال کاکڑ

صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے ہیں، جن کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبہ ترقی، خوشحالی اور سرمایہ کاری کے نئے دور میں داخل ہو چکا ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبہ ترقی، خوشحالی اور سرمایہ کاری کے نئے دور میں داخل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند انفرادی واقعات کی بنیاد پر بلوچستان میں جاری وسیع پیمانے پر ترقیاتی سرگرمیوں، سرمایہ کاری کے فروغ اور معاشی استحکام کے اقدامات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اپنے دفتر میں کاروباری برادری (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ سے رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ اور قبائلی عمائدین ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا مرحوم حاجی محمد اکبر کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ جا کر اہل خانہ سے تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مرحوم حاجی محمد اکبر کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ جا کر اہل خانہ سے تعزیت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 9)

تفتان میں پہلے جدید اور کثیر سہولیات پر مشتمل ہسپتال کا باقاعدہ افتتاح

صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک تاریخی پیش رفت بھی ہے، خطاب

تفتان (خ ن) ایف سی ساؤتھ تفتان رائفلز 112 ونگ، ضلعی انتظامیہ اور علاقے کے معززین کی باہمی کاوشوں اور مؤثر اشتراک سے تفتان میں پہلے جدید اور کثیر سہولیات پر مشتمل ہسپتال کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا یہ تفتان کی تاریخ کا اپنی نوعیت کا پہلا ہسپتال ہے جو فرنٹیئر کور، مقامی انتظامیہ اور علاقے کے معززین کی انتھک محنت اور مشترکہ کوششوں کا ثمر ہے یہ منصوبہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

دکی: قتل اور اسلحہ مقدمات میں ملزم کو عمر قید سمیت مختلف سزائیں

دکی (آن لائن) ایڈیشنل سیشن جج دکی دوست محمد مندوخیل کی عدالت نے لیویز اسٹیشن نانا صاحب زیارت کے دو مختلف مقدمات کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم دلبر جان ولد انور جان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

صوبے کے امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں، سکینہ عبداللہ

دیگر علاقوں میں ہونے والے پرتشدد واقعات انتہائی قابل مذمت ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہیومن رائٹس انٹرنیشنل موومنٹ ویمن ونگ بلوچستان کی چیئرپرسن سکینہ عبداللہ خان نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں پیش آنے والے افسوسناک واقعات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ زیارت، ہرنائی، منگچر، چمن اور دیگر علاقوں میں ہونے والے پرتشدد واقعات انتہائی قابل مذمت ہیں۔ انہوں نے وفاقی حکومت اور حکومت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کے تحت برقی لائنوں کی شفٹنگ اور نئے کھمبے نصب کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 11 (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

متعلقہ حکام سے متعدد بار رابطے کے تا حال کوئی شنوائی نہیں ہوئی، کاشف حیدری

غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، پانی کی عدم فراہمی کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ ہزارہ ٹاؤن اور گردونواح میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، پانی کی عدم فراہمی اور فائر بریگیڈ کی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے اگر حکومت نے فوری طور پر ہمارے مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا تو ہم تاجروں اور عوام کے ساتھ ملکر احتجاج کے علاوہ عدا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

بختیار آباد، ٹریفک حادثہ، ماں اور بیٹا جاں بحق 6 افراد زخمی

حادثے کے بعد ٹریکٹر ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا، پولیس حکام

حادثے کے نتیجے میں حنا بی بی اور ان کا بیٹا عبدالہادی موقع پر جاں بحق ہو گئے

بختیار آباد (آن لائن) قومی شاہراہ پر کار اور ٹریکٹر کے درمیان ٹریفک حادثہ، ماں اور بیٹا جاں بحق جبکہ پانچ بچوں سمیت چھ افراد زخمی ہو گئے، تمام متاثرہ افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے ہے جو کہ کوئٹہ سے ساہیوال پنجاب جا رہے تھے۔ تفصیلات کے مطابق قومی شاہراہ بختیار آباد کے نزدیک ٹوڈی کار اور ٹریکٹر کے درمیان تصادم ہوا۔ تصادم کے باعث ماں اور بیٹا جاں بحق جبکہ 5 بچوں سمیت 6 افراد زخمی ہو۔ واقع کی اطلاع ملتے ہی 1122 ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی۔ جاں بحق اور زخمیوں کو 1122 سینٹر بختیار آباد منتقل کیا گیا۔ ابتدائی طبی امداد کے بعد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 19)

شہید مولا بخش دشتی بلوچ قومی تحریک کے ان عظیم رہنماء میں تھے، نیشنل پارٹی

سرزمین کا تحفظ صرف باشعور منظم اور جمہوری سیاسی عمل کے ذریعے ہی ممکن ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی انفارمیشن سیکرٹری ورترجمان علی احمد لانگو نے شہید مولا بخش دشتی کی برسی کے موقع پر جاری بیان میں شہید مولا بخش دشتی کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید مولا بخش دشتی بلوچ قومی تحریک کے ان عظیم رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے شعوری، فکری اور سیاسی بنیادوں پر قومی جدوجہد کی سمت متعین کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی شہدا کی قربانیوں کی امین جماعت ہے۔ شہدا کی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

صحبت پور میں بھی بدامنی، مہنگائی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی اور مظاہرہ

صحبت پور (آن لائن) جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن اور جماعت اسلامی بلوچستان کی قیادت کی ہدایت پر ضلع صحبت پور میں بھی بدامنی، مہنگائی اور پیٹر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد، محمد رمضان پلال کی زیر صدارت اجلاس

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد، محمد رمضان پلال کی زیر صدارت مون سون سیزن کے دوران متوقع بارشوں کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر احمد علی گوپانگ، پولیس، اریگیشن، بی اینڈ آر، زراعت، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر تاج محمد پلال سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں گز (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد نے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

کوئٹہ (آن لائن) ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد نے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا۔ ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد کی نگرانی میں ا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

ہنہ اوڑک متاثرین کی داد رسی پر وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی قابل تحسین، امن کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، پروفیسر حلیم صادق

حکومت دہشتگردی سے متاثرہ خاندانوں کی فوری دادرسی کرے، اے پی پی

چند منٹ اجلاس کی صدارت سے بلوچستان کے مسائل حل نہیں ہوں گے وزیر اعظم کو متاثرہ عوام کے درمیان جانا چاہیے تھا

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کا حالیہ دورہ بلوچستان صوبے کے عوام کی توقعات پر پورا نہیں اتر سکا اور یہ دورہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ مذاق کے مترادف ثابت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم صرف چند منٹ اجلاس کی صدارت کر کے واپس اسلام آباد روانہ ہو گئے، جس سے یہ تاثر مزید مضبوط ہوا کہ وفاقی حکومت بلو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام سٹار آف بلوچستان اعلیٰ کارکردگی ایوارڈز کی تقریب سے ایم این اے جمال شاہ کاکڑ، سیکرٹری وومن ڈویلپمنٹ سائرہ عطاء بلوچ، چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل، روبینہ زہری، جہاں آرا تبسم، ارسلان فیاض اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

محکمہ زکوۃ ومذہبی امور کے اثاثہ جات اور ملازمین کی بورڈ آف ریونیو میں منتقلی پر اہم اجلاس

لسبیلہ (خ ن) محکمہ زکوۃ ومذہبی امور کے اثاثہ جات اور ملازمین کی بورڈ آف ریونیو میں منتقلی پر اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں حکومت بلوچستان کی جانب سے محکمہ مذہبی امور اور محکمہ زکوۃ بلوچستان کو ختم کیے جانے کے بعد، ان کے اثاثہ جات اور انتظامی امور کو بورڈ آف ریونیو میں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)



اسلام آباد، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار ریبیکا گرین اسپین کی وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

شہید امن مولانا خانزیب کی پہلی برسی پر خراج تحسین و خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، عبیداللہ عابد

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبیداللہ عابد صوبائی ایڈیشنل سیکرٹری عبدالباری کاکڑ صوبائی لیبر سیکرٹری نواز علی برفت صوبائی آفس سیکرٹری عصمت داوی اصغر علی ترین عبدالخالق مقبل جمعہ بابر حاجی محمد خان کاکڑ لالا منان افغان منظور کاکڑ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 24)

شمس الحق سے ڈپٹی ڈائریکٹر ریسرچ عثمان جعفر کی ملاقات

حکومت کے اہم اقدام کسان کارڈ کے حوالے سے خصوصی گفتگو ہوئی

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت موسیٰ خیل توسیع شمس الحق سے ڈپٹی ڈائریکٹر ریسرچ عثمان جعفر اور زراعت اسٹاف نے ایک اہم ملاقات کی۔ ملاقا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 25)

پاکستان کی فائبر براڈ بینڈ مارکیٹ میں قیادت مزید مستحکم

پی ٹی سی ایل فلیش فائبر کے صارفین کی تعداد 9 لاکھ سے بڑھ گئی

اسلام آباد/کوئٹہ (مطیع اللہ مطیع) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) کی معروف فائبر ٹو دی ہوم (ایف ٹی ٹی ایچ) سروس، فلیش فائبر کے صارفین کی تعداد 9 لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے۔ یہ کامیابی پاکستان بھر کے صارفین کی پی ٹی سی ایل کی تیز رفتار براڈ بینڈ سروسز پر مسلسل بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاس ہے۔ علاوہ ازیں، ملک کے سب سے بڑے انٹرنیٹ سروس فراہم کنندہ کے طور پر کمپنی کی پوزیشن مزید مستحکم ہوئی ہے۔ پی ٹی سی ایل کی جانب سے پاکستان میں عالمی معیار کی ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی کی فراہمی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 27)

مشیر بلدیات کا میر شفیق الرحمان مینگل کی رہائش گاہ کا دورہ

سیاسی یا نظریاتی اختلاف کی بنیاد پر کسی کو نقصان پہنچانا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے خضدار میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر شفیق الرحمان مینگل کی شہزادوتی میں واقع رہائش گاہ کا دورہ کیا اور پارٹی رہنما میر شفیق الرحمان مینگل سے ملاقات کی اس موقع پر صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے حالیہ خودکش حملے اور فائرنگ کے واقعے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور حملے میں زخمی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 26)

لہڑی کے نوجوان مصنف محمد اسلم آزاد کا دوسرا ناول "میرون ڈائیری" شائع

سبی (آن لائن) بلوچستان کے چھوٹے سے شہر لہڑی سے تعلق رکھنے والے ابھرتے ہوئے مصنف محمد اسلم آزاد کا دوسرا ناول "میرون ڈائیری" شائع ہو کر منظر عام پر آ گیا ہے، جسے ایلی گراف پبلیشرز کوئٹہ بلوچستان نے شائع کیا ہے۔ ناول "میرون ڈائیری" میں احساس کے رشتوں، (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28)

پوری قوم اپنے ان شہدا کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، علی حسن زہری

جرات اور بے مثال قربانیوں سے ایک مرتبہ پھر دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا دیا ہے

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ترجمان برائے بلوچستان اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری نے بلوچستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب سیکیورٹی آپریشن "شعبان" کی کامیابی پر پاک فوج، فرنٹیئر کور بلوچستان، بلوچستان پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بہادر سیکیورٹی اہلکاروں نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور بے مثال قربانیوں سے ایک مرتبہ پھر دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا دیا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بی آئی ڈی ایس کے تحت قائم کیے گئے

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں بی آئی ڈی ایس کے تحت قائم کیے گئے آئی ٹی ہب کا باقاعدہ افتتاح کمانڈنٹ ماوند رائفلز بریگیڈیئر فاروق اشرف نے فیتہ کاٹ کر کیا۔ تفصیلات کے مطابق افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر کوہلو اعظم جان دومڑ، لیفٹیننٹ کرنل محمد علی خان، (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

سعودی عرب کا پاکستانی کارگو طیارہ حادثے پر اظہار افسوس، پاکستان سے مکمل یکجہتی کا اعلان

متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہمدردی اور مشکل گھڑی میں پاکستان کے ساتھ کھڑے رہنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) سعودی عرب نے پاکستانی کارگو طیارہ حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان اور اس کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اعادہ کیا ہے۔ سعودی سفارتخانے نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے عملے کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اسلام آباد میں سعودی سفارتخانے کی جانب سے جاری بیان میں پاکستانی کارگو طیارے کو پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ سعودی عرب اس المناک سانحے پر پاکستانی حکومت اور عوام کے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30)

ملک میں دیرپا امن، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی کا راستہ صرف عوام کے اعتماد اور آئینی و جمہوری اصولوں سے ہو کر گزرتا ہے

جعل سازی، دھاندلی اور فارم 47 جیسے متنازع طریقوں کے ذریعے مسلط کیے گئے

غیر معروف نمائندے نہ عوام کا اعتماد رکھتے ہیں اور نہ ہی قومی مسائل کے حل کی صلاحیت، اسی وجہ سے حکومت ہر محاذ پر ناکامی کا شکار ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ضلعی سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی، حاجی نعمت اللہ خان اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ د (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے نائب چیئرمین چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل خواتین میں سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

پی ڈی ایم اے کا بارش، آندھی اور گرج چمک کے حوالے سے موسمی الرٹ جاری

مرطوب ہوائیں ملک کے بالائی علاقوں میں مسلسل داخل ہو رہی ہیں، اعلامیہ جاری

کوئٹہ (خ ن) پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) بلوچستان نے پاکستان محکمہ موسمیات (PMD) اسلام آباد اور ریجنل میٹرولوجیکل سینٹر (RMC) کوئٹہ کی پیشگوئی کی روشنی میں صوبے کے مختلف اضلاع میں بارش، آندھی اور گرج چمک کے امکان کے پیش نظر موسمی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب سے آنے والی مرطوب ہوا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 39)

خضدار، رات کے وقت نامعلوم مسلح افراد نے کوئٹہ سے کراچی جانے والی ایک مسافر بس کو روکنے کی کوشش کی

خضدار (آن لائن) خضدار کے مضافاتی علاقے سنی ایریا میں مبینہ طور پر گزشتہ رات کے وقت نامعلوم مسلح افراد نے کوئٹہ سے کراچی جانے والی ایک مسافر بس کو روکنے کی کوشش کی۔ ذرائع کے مطابق ملزمان نے بس کو رکنے کا اشارہ کیا، تاہم ڈرائیور نے حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گاڑی نہ روکی اور وہاں سے نکال لی۔ اطلاعات کے مطابق ملزمان کی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 40)

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی کی زیر صدارت ضلعی ماہانہ جائزہ اجلاس

موسیٰ خیل (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی کی زیر صدارت ضلعی ماہانہ جائزہ اجلاس MRM منعقد ہو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 37)

فرید آباد، پٹرول کی قیمت میں فوری کمی کی جائے، جماعت اسلامی

فرید آباد (آن لائن) جماعت اسلامی صحبت پور کے امیر عبدالصمد کھوسہ و؟ جماعت اسلامی بلوچستان کے سینئر رہنما رئیس اللہ ڈومنگر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

عوام غیر محفوظ اور یہاں پر جنگل کا قانون نافذ ہے، جمعیت نظریاتی

جمعیت نظریاتی کل بھی اپنے مظلوم بھائیوں کے ساتھ تھا آئندہ بھی ہونگے

قبائلی عوام پر خوف وہراس اور وحشت مسلط کر کے انہیں پرامن زندگی سے محروم کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی مولوی احسان اللہ ڈاکٹر شمس اور دیگر نیکوکار پھاٹک کوئٹہ پر زیارت سانحہ زیارت دھرنے میں شرکت کی دھرنے سے جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی نے خطاب کرتے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

قلات، فٹسال گراؤنڈ سے چوری ہونے والا سامان برآمد کر کے تین ملزمان گرفتار

قلات (آن لائن) ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ کی ہدایات کی روشنی میں ڈی ایس پی خالق آباد عبدالقادر لانگو کی نگرانی میں ایس ایچ او خالق آباد علی اصغر بجاری اور ایڈیشنل ایس ایچ او فیاض احمد شاہوانی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے زیر تعمیر فٹسا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)

عوام انتہائی غربت کی زندگی گزار رہے ہیں، حاجی نور محمد شاہوانی

لورالائی مسلم باغ سمیت ٹرائبل ایجنسیز میں بینکوں میں ہولڈنگ ٹیکس کو مسترد کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی مرکزی ترجمان حاجی روزی خان مندوخیل متحدہ اڈا ژوب بازار یونین صدر یاران خان کلیوال مندوخیل اور دیگر قبائلی رہنما اور ٹرائبل ایریا کے سماجی کارکنوں اور تاجروں نے ضلع ژوب چاقی لورالائی مسلم باغ سمیت ٹرائبل ایجنسیز میں بینکوں میں ہولڈنگ ٹیکس نامنظور اور مسترد کرتے ہوئے حکومت FBR سے مطالبہ کیا کہ اس فیصلے کو فوری طور پر ختم کیا جائے کیونکہ یہ تمام ایریاز زندگی کے بنیادی سہولیات سے محروم ہے نہ بجلی ہے نہ پانی ہے نہ روڈ ہے اور نہ ہی کوئی فیکٹری یا کارخانہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

بلوچستان صوبہ میں سب سے زیادہ صحبت پور ضلع کے صحافیوں پر جھوٹے مقدمات اندراج کرانے کا ریکارڈ قائم کر دیا

فرید آباد (آن لائن) بلوچستان صوبہ میں سب سے زیادہ صحبت پور ضلع کے صحافیوں پر جھوٹے مقدمات اندراج کرانے کا ریکارڈ قائم کر دیا ہے آج تک ایک مقدمہ بھی ثابت نہ ہو سکا ہے عدالت نے جھوٹے مقدمات سے باعزت بری ہوئے ہیں حالیہ دو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

کوئٹہ، اپیکا ضلع کوئٹہ کے ماہانہ اجلاس کی صدارت رحمت اللہ زہری کر رہے ہیں، حمد اللہ خلجی، پرویز بنگلزئی، ندیم ترین، ارباب عبدالخالق کاسی اور دیگر عہدیدار شریک ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com